# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

## *OFFICIAL REPORT*

Saturday, 08th November, 2025
(355th Session)
Volume XI, No.03
(Nos.01-08)

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*

| | |
|---|---|
| Volume XI | SP.XI (03)/2025 |
| No.03 | 04 |

# Contents

1. Recitation from the Holy Quran ..... 1
2. Announcement by Mr. Chairman regarding the upcoming Inter-parliamentary Speakers' Conference to be held on 11th and 12th November, 2025 ..... 2
3. Motion under Rule 263 moved for Dispensation of the Rules ..... 6
4. Introduction of [The Constitution Twenty-Seventh (Amendment) Bill, 2025] ..... 7
   - Senator Syed Ali Zafar ..... 8
   - Senator Raja Nasir Abbas ..... 9
   - Senator Mohammad Ishaq Dar (Deputy Prime Minister and Minister for Foreign Affairs) ..... 9
   - Senator Azam Nazeer Tarar, Minister for Law and Justice ..... 11
   - Senator Raja Nasir Abbas ..... 23
5. Fateha ..... 31
   - Senator Aimal Wali Khan ..... 31
   - Senator Zeeshan Khan Zada ..... 34
   - Senator Kamran Murtaza ..... 35
   - Senator Sherry Rehman ..... 38
   - Senator Faisal Javed ..... 44
   - Senator Dost Muhammad Khan ..... 48
   - Senator Mashal Azam ..... 50
   - Senator Syed Masroor Ahsan ..... 54
   - Dr. Tariq Fazal Chaudhry (Federal Minister for Parliamentary Affairs) ..... 55
   - Senator Falak Naz ..... 57
   - Senator Nasir Mehmood ..... 58
   - Senator Zeeshan Khan Zada ..... 62
   - Senator Mohammad Humayun Mohmand ..... 64

# SENATE OF PAKISTAN
# SENATE DEBATES

Saturday, 8th November, 2025

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at ten minutes past one in the noon with Mr. Chairman (Syed Yousaf Raza Gilani) in the Chair.

----------------

## Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

الٓمّٓ ۚ﴿١﴾ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ ﴿٢﴾ وَلَقَدْ فَتَنَّا
الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ﴿٣﴾ اَمْ حَسِبَ
الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّسْبِقُوْنَا ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿٤﴾ مَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰهِ
فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ؕ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٥﴾

ترجمہ: الٓمّٓ۔ کیالوگوں نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ انہیں یونہی چھوڑ دیا جائے گا کہ بس وہ کہہ دیں کہ: ”ہم ایمان لے آئے“ اور ان کو آزمایا نہ جائے؟ حالانکہ ہم نے ان سب کی آزمائش کی ہے جو ان سے پہلے گزر چکے ہیں۔ لہٰذا اللہ ضرور معلوم کرکے رہے گا کہ کون لوگ ہیں جنہوں نے سچائی سے کام لیا ہے اور وہ یہ بھی معلوم کرکے رہے گا کہ کون لوگ جھوٹے ہیں۔ جن لوگوں نے برے برے کام کئے ہیں، کیا وہ سمجھتے ہیں کہ وہ ہم سے بازی لے جائیں گے؟ بہت برا اندازہ ہے جو وہ لگا رہے ہیں۔ جو شخص اللہ سے جاملنے کی امید رکھتا ہو، اسے یقین رکھنا چاہیے کہ اللہ کی مقرر کی ہوئی معیاد ضرور آکر رہے گی اور

وہی ہے جو ہر بات سنتا، ہر چیز جانتا ہے۔

(سورۃ العنکبوت: آیات ۱ تا ۵)

Mr. Chairman: I welcome Mr. Naveed Qamar, MNA and the Mayor of Karachi to the House.

*(Desk thumping)*

**Announcement by Mr. Chairman regarding the upcoming Inter-parliamentary Speakers' Conference to be held on $11^{th}$ and $12^{th}$ November, 2025**

Mr. Chairman: I hereby make one announcement. Honourable Senators, I speak to you today on the eve of a momentous occasion in our parliamentary history—the upcoming Inter-parliamentary Speakers' Conference, which will be held in Islamabad on November $11^{th}$ and $12^{th}$. This unprecedented event will bring together ten speakers of parliaments, fifteen deputy speakers, thirty-seven members of parliaments along-with the parliamentary leaders, and a total of one hundred seventy-four delegates and various partner multilateral organizations from around the globe.

We are also honoured to have two former Presidents representing their countries at the conference. It is a historic milestone that underscores Pakistan's commitment to international dialogue and cooperation. Hosting such a distinguished assembly is not merely an achievement for the Senate; it is a significant national cause that elevates our standing on the global stage.

This conference presents an extraordinary opportunity for Pakistan to showcase its leadership in parliamentary diplomacy, particularly in matters of peace, security, and development. As we welcome our

esteemed guests from both the Global South and the Global North, we are not just participants in a conference; we are ambassadors of our nation's values and aspirations.

I would like to extend my heartfelt gratitude to President Asif Ali Zardari, Prime Minister Muhammad Shehbaz Sharif, Speaker of the National Assembly Sardar Ayaz Sadiq, and Leader of the House and the Deputy Prime Minister of Pakistan and Minister for Foreign Affairs Senator Ishaq Dar sahib. I commend Senator Ishaq Dar for his pivotal role in chairing the session during the curtain-raiser for the ISC, as well as for his on-going support. The participation and support of the Speaker of the National Assembly has also been invaluable in bringing this event to fruition. Together, these leaders exemplify the spirit of collaboration we need for this national cause.

I also wish to acknowledge the contributions of various ministries, including the Ministry of Interior, the Ministry of Foreign Affairs, Information and Broadcasting, and the Capital Development Authority. Their dedicated efforts reflect a remarkable spirit of national unity and solidarity for this cause. As we prepare to host this conference, it is essential to recognize that this initiative belongs to all of us. It is not solely the responsibility of the Senate; it is a collective endeavor that requires the active participation and ownership of every member present.

By now, you may have received your invitations, and I urge each of you to lend your unwavering support to make this event a resounding success. I warmly invite

you to participate not merely as attendees but as hosts, bringing your invaluable wisdom, knowledge, and dynamism to the proceedings. Your engagement in this conference will not only enhance its success but will also demonstrate our solidarity as a nation committed to fostering dialogue and cooperation across borders.

Let us come together to ensure that this historic conference leaves a lasting impact, not only in terms of the discussions we will hold but also in reinforcing Pakistan's role as a leader in parliamentary diplomacy. Together, we can make this event a beacon of hope and collaboration for the future. Thank you.

*(Desk thumping)*

Mr. Chairman: Minister for Law, how we proceed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ (وفاقی وزیر قانون و انصاف): جناب! میں ادب سے گزارش کروں گا۔ ایک تو آپ کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ آپ نے ایک اتنے اچھے بین الاقوامی event کا انعقاد کیا جو بلاشبہ اس ہاؤس آف دی فیڈریشن کے لیے عزت اور تکریم کی بات ہے اور بین الاقوامی پارلیمانی کمیونٹی کے اندر پاکستان کے عزت و وقار میں اضافے کا باعث بنے گا۔

جناب چیئرمین! جس طرح پچھلے کئی دنوں سے 27 ویں آئینی ترمیم کے بارے میں مختلف forums اور parliamentary levels پر ہماری اتحادی جماعتیں اور جو دیگر سیاسی رہنما اور زعما ہیں، even میں نے اس بارے میں کچھ سول سوسائٹی کے segments اور بار کونسلز اور بار ایسوسی ایشنز کی لیڈرشپ سے بھی بات کی ہے تو آج وفاقی کابینہ نے اس مسودے کی منظوری دی اور اسے سینیٹ آف پاکستان میں transmit کیا گیا۔ اسی floor پر لیڈر آف دی ہاؤس نے آج سے چند روز پہلے ہاؤس کو اعتماد میں لیتے ہوئے کہا تھا کہ اس پر کام ہو رہا ہے، جب consensus ہو جائے گا coalition partners کے درمیان تو ہم اسے یہاں پر lay کریں گے۔ صرف lay نہیں کریں گے بلکہ lay کرنے کے بعد اسے کمیٹی کو refer کریں گے اور request کریں گے کہ قومی اسمبلی کی اسٹینڈنگ کمیٹی اور سینیٹ کی اسٹینڈنگ کمیٹیوں پر مشتمل ایک joint

committee ہو کیونکہ ہمیشہ یہ روایت رہی ہے کہ آئینی ترامیم کے لیے جو کمیٹی تشکیل پاتی ہے، اس میں دونوں ایوانوں کے ممبرز بیٹھتے ہیں۔ اس کے علاوہ ایسی جماعتیں جن کی نمائندگی کسی وجہ سے اس کمیٹی میں نہیں، ہم ان کو ان شاءاللہ تعالیٰ، by special invitation بلائیں گے۔ اس background کے ساتھ میری یہ استدعا ہوگی کہ آج اگر ہم Question Hour اور دیگر business suspend کر دیں اور میں اس کے تھوڑے سے خدوخال بیان کر دوں۔ اس کے علاوہ میں اپنے اپوزیشن کے دوستوں سے دست بدستہ یہ استدعا کروں گا کہ میں صرف پانچ منٹ میں اس کے خدوخال اوپر سے پڑھ کر بیان کر دوں گا اور Bill آپ کے سامنے ہے and it is not going to be voted right now; instead, it will be referred to the Committee. ہماری خواہش ہوگی کہ اس میں سارے تشریف لائیں اور اپنے خیالات کا اظہار کریں کیونکہ it is a serious matter. ظاہر ہے کہ جتنی زیادہ مشاورت سے یہ چیز shape up ہو کر ہم سب کے سامنے آئے گی، اتنی ان کی معاونت ہمارے لیے مددگار ثابت ہوگی تو اس background کے ساتھ کہ اگر House allow کرے تو ہم آج Question Hour اور دیگر business suspend کر کے اور آپ جب اجازت دیں گے میں اس کے خدوخال بیان کر دوں گا اور background دے دوں گا پھر اپوزیشن سے جو بات ہونی ہے، وہ کریں۔ Leader of the House and Parliamentary Leaders بھی بیٹھے ہیں۔ اس پر debate کریں۔ کوئی جلدی نہیں ہے۔ کمیٹی اپنا کام کرے گی اور House اپنا کام کرے گی، شکریہ۔

Mr. Chairman: Yes, Parliamentary Leader of the PTI.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! ابھی Question Hour چل رہا ہے۔ آپ پہلے rules suspend کریں۔ اس کے بعد بحث کر لیں۔

Mr. Chairman: As you suggested that it should be referred to the Joint Committee of Senate and the National Assembly, I will urge and request the Opposition that they should also participate in that Committee

because it is an extremely important Committee and not an ordinary Committee.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: .Absolutely sirحکومت کی بھی خواہش ہے کہ یہ کریں۔

میں صرف یہ کہہ رہا ہوں کہ بس ایک دفعہ rules suspend کر دیں تا کہ میں پھر بعد میں اس کے خدوخال بیان کر دوں پھر Opposition debate سے شروع کرتے ہیں تا کہ پتا ہو کہ آ کیا رہا ہے۔

Mr. Chairman: Minister for Parliamentary Affairs, please move the motion for dispensation of the Question Hour.

## Motion under Rule 263 moved for Dispensation of the Rules

Dr. Tariq Fazal Chaudhary (Federal Minister for Parliamentary Affairs): Thank you, Mr. Chairman! It is moved under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the requirement of Rule 41 of the said rules regarding the Question Hour be dispensed with for today's sitting of the Senate, and the Questions and their printed replies placed on the table of the House shall be treated as read.

Mr. Chairman: I, now, put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The Question Hour is dispensed with for today's sitting of the Senate, and the Questions and their printed replies placed on the table of the House shall be treated as read.

**(مداخلت)**

جناب چیئر مین: جی وزیر برائے قانون وانصاف، آپ بل پیش کریں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: اپوزیشن مجھے اتنی اجازت دے کہ میں پہلے بل پیش کروں۔ اگر آپ سنیں گے تو میں اس کے خدوخال بھی بتادوں گا۔ جن باتوں پر آپ کو اعتراض ہے، آپ احتجاج بھی ضرور کیجیے گا۔ قوم آج ہمیں سن رہی ہے لہٰذا آج تقریر کے ذریعے ہم ان سے بات کرنا چاہیں تو ضرور کریں۔

جناب چیئرمین: وزیر صاحب، آپ براہ مہربانی Bill move کریں۔

**Introduction of [The Constitution Twenty-Seventh (Amendment) Bill, 2025]**

Senator Azam Nazeer Tarar: I wish to introduce a Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, 1973 (The Constitution Twenty-Seventh (Amendment) Bill, 2025).

Mr. Chairman: The Bill as introduced in the House stands referred to the Standing Committee on Law and Justice for review and consideration. In line with the past parliamentary practice and considering the significance of the proposed Constitution amendment as well as the need for broader deliberations on the subject, the Standing Committee on Law and Justice is directed to invite the Chairman and Members of the Standing Committee on Law and Justice of the National Assembly to participate in its proceedings and share their input on the Bill. The Committee co-chaired by both Chairpersons may hold joint meetings for detailed review and consider the Bill. The report shall be presented before the House, accordingly. Yes, Parliamentary Leader of the PTI.

**Senator Syed Ali Zafar**

سینیٹر سید علی ظفر: ابھی جو میرا first protest on record ہے، وہ یہ ہے کہ میرے ساتھ جو Leader of the Opposition کی سیٹ ہے، وہ خالی ہے اور ابھی تک ان کی nomination نہیں ہوئی ہے۔

Mr. Chairman: Leader of the House and Law Minister, please pay attention.

سینیٹر سید علی ظفر: جب تک یہ vacant seat fill نہیں ہوتی، میرا خیال ہے کہ اس constitutional amendment پر بحث بھی درست نہیں۔ For the record بس یہ میرا statement آجائے۔ دوسری بات یہ کہ یہ ایک constitutional amendment ہے اور لگتا یہ ہے کہ حکومت اور اس کے اتحادی جماعتوں کو بھی بہت جلدی ہے کہ بس یہ پاس ہوجائے۔ میں یہ suggest کروں گا کہ بجائے اسے Senate and National Assembly کی joint meeting کے بھیجنے کو، let this Senate be treated as a the Committee as a Whole. میں یہ بھی suggest کروں گا بے شک اس پر یہاں بحث بھی کروالیں۔

Mr. Chairman: On a lighter side, it will be a U-turn.

Senator Syed Ali Zafar: My suggestion is that let the Senate and everybody debate this.

جناب چیئرمین: آپ خود بھی کمیٹی میں جائیں۔

سینیٹر سید علی ظفر: جناب یہ تو secondary ہے۔ ہم تو کہہ رہے ہیں کہ سب کو اور ہر individual کو اس میں participate کرنے دیں کیونکہ انہوں نے تو اسے کمیٹی میں bulldoze کرنا ہے۔

جناب چیئرمین: کیا آپ کمیٹی میں نہیں جائیں گے؟

**(مداخلت)**

جناب چیئرمین: سینیٹر راجہ ناصر عباس صاحب کا مائیک کھلا ہوا ہے۔ He is just a soft spoken person.

**Senator Raja Nasir Abbas**

سینیٹر راجہ ناصر عباس: سینیٹ میں کوئی بھی آئینی ترمیم اگر اتفاق رائے سے نہ ہو اور جب ہمارا آئین بنا تھا تو وہ اتفاق رائے سے بنا تھا۔ اختلافات کے باوجود اس وقت کی پیپلز پارٹی کی حکومت اور بھٹو صاحب نے سب کو ساتھ ملایا اور 1973 کا آئین اتفاق رائے سے پاس کروایا۔ اگر ابھی ہم اس کے اندر کوئی amendment لے کر آئیں گے جس پر کوئی اتفاق رائے نہیں ہے تو اس کے اثرات پورے پاکستان پر پڑیں گے۔ یہ ہمارا مقدس document ہے۔ یہ ایک ایسا document ہے جس کی وجہ سے ہماری Federation چلتی ہے اور باقی رہتی ہے۔ اگر یہ document ہی متنازع ہو جائے اور لوگوں کا اس پر سے اعتماد اٹھ جائے تو ہم کیسے پاکستان کو اکھٹا رکھیں گے۔ جو بھی amendment ہو، اس پر اتفاق رائے ہونا چاہیے۔ یہ آپ نے کیا شروع کیا ہے؟ ابھی اسے ہمارے سامنے پیش کیا گیا ہے۔ یہ کوئی طریقہ کار ہے؟

Mr. Chairman: Yes, Leader of the House. When Leader of the House is speaking, no interruption, please.

*(Interruption)*

Mr. Chairman: Yes, Leader of the House.

سینیٹر محمد اسحٰق ڈار: بہت شکریہ، جناب چیئرمین! میری یہ گزارش ہو گی کہ سینیٹر علی ظفر صاحب، پارلیمانی لیڈر نے جو بات کی ہے، پہلے آپ انہیں دیکھ لیں کیونکہ بات سننا تو لازمی ہے۔۔۔

**(مداخلت)**

جناب چیئرمین: قائد ایوان جواب دے رہے ہیں۔

**(مداخلت)**

**Senator Mohammad Ishaq Dar (Deputy Prime Minister and Minister for Foreign Affairs)**

سینیٹر محمد اسحٰق ڈار (نائب وزیر اعظم و وزیر برائے خارجہ امور): میں جواب دے رہا ہوں۔ میری گزارش یہ ہے کہ ابھی دو سوال raise ہوئے ہیں۔ ایک محترم سینیٹر علی ظفر صاحب نے فرمایا کہ پورے House کو Committee of the Whole میں convert کریں۔ With due respect میرا خیال ہے کہ House میں سب بولیں گے اور بولنا بھی چاہیے۔ آج بھی بولیں اور کل بھی بولیں۔ Standing Committee جو ایک value

addition ہے، آپ اسے کیوں بناتے ہیں تاکہ اس میں بڑی focused قسم کی بات ہو۔ اس میں as a special invitee کوئی بھی apart from the Members جا سکتا ہے۔ میرا خیال ہے کہ دونوں کو parallel چلنے دیں۔ یہاں تو تقریریں ہو رہی ہوں گی لیکن اس سے اس پر focus and attention ہو گی جیسے آپ بجٹ پر کرتے ہیں۔ یہ انتہائی important ہے۔ ہر کسی کو بولنے کا موقع ملنا چاہیے۔ چونکہ اس وقت اپوزیشن نے اس خواہشات کا اظہار کیا تھا تو میں نے وعدہ کیا تھا کہ بجائے اسے National Assembly میں لے جانے کے، ہم سینیٹ میں پیش کریں گے۔ وہ ہم نے پورا کر دیا۔ ہم نے یہ بھی کہا تھا کہ بجائے یہاں پر بحث کرنے اور یہیں پر voting شروع کرنے کے، ہم اسے کمیٹی میں بھیجیں گے۔ وہ بھی کر دیا۔ تیسری گزارش میں نے یہ کی تھی کہ جہاں تک لیڈر آف دی اپوزیشن کا تعلق ہے، اس وقت بھی ساتھی نے، بھائی نے یہ بات کی تھی۔ جناب! اس وقت آپ قائم مقام صدر تھے، یہ پچھلے ہفتے کی بات ہے۔ میں نے کہا تھا کہ یہ چیئرمین کا prerogative ہے۔ یہ پہلی مرتبہ لیڈر آف دی اپوزیشن کی nomination نہیں ہو رہی اور یہ under the Rules of Business ایک process ہے۔ آپ کے ہاتھ میں ہے، آپ اس process کو مکمل کریں، ہمیشہ چیمبر میں ہوتا ہے۔ یہاں پر تقریروں سے تو نہیں ہونا۔

جناب چیئرمین: اس کا جواب میں دوں گا۔ جی۔

سینیٹر سید علی ظفر: میں یہ request کرنا چاہ رہا تھا۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: علی ظفر صاحب، علامہ صاحب دو دو گھنٹے بولے لیکن پوری قوم دیکھ رہی ہے۔ یہ کوئی طریقہ نہیں ہے کہ اِدھر سے بولیں تو بولنے کوئی نہیں دیتا اور ہم چپ کر کے سنیں، یہ نہیں چلے گا۔ ہم حاضر ہیں، ہم بیٹھے ہیں شام تک، کل بھی بیٹھیں گے، پرسوں بھی بیٹھیں گے، جتنی دیر بیٹھنا پڑا۔ آپ بات کریں نا۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: دیکھیں، ابھی میں پارلیمنٹری لیڈرز کو بولنے کا وقت دوں گا۔ پہلے technicalities پر بات ہو رہی ہے۔ آپ تشریف رکھیں، آپ نے بات کر لی ہے۔ جی۔

سینیٹر سید علی ظفر: جناب! میں صرف ایک چھوٹی سی بات کرنے لگا تھا، میں ایک process کی بات کر رہا تھا۔۔۔

جناب چیئرمین: ایمل ولی صاحب! براہ مہربانی تشریف رکھیں۔ وہی بات کر رہے ہیں۔ جی۔

سینیٹر سید علی ظفر: جناب! میں یہ کہنا چاہ رہا تھا کہ یہ ایک process ہے۔ ہمیں یہ draft ابھی ملا ہے۔ جس طرح علامہ صاحب نے بھی فرمایا، ہم نے تو ابھی تک ایک لفظ نہیں پڑھا ہے۔ آپ اپوزیشن کو blindside نہ کریں۔ وزیر قانون صاحب کہہ رہے ہیں کہ میں ایک مفہوم بتاؤں گا اور پھر اس پر آپ debate کریں۔ ہم کسی چیز پر debate نہیں کر سکتے جب تک ہم اس کو باقاعدہ پڑھیں نہ۔ ابھی آپ equality کا ایک principle رکھیں کہ ابھی نہ وہ اس پر میں بحث کریں اور نہ ہم کریں۔ ہم اس کو پڑھ تو لیں۔ یہ اگر ایک onesided opinion دیں گے جو public میں جائے گی، ہمارا تو مؤقف اس پر نہیں آئے گا۔۔۔

Mr. Chairman: Barrister Sahib, I will guide. I have been the custodian of both the Houses.

انہوں نے introduce کیا ہے۔ وہ اس کو explain کر دیں گے۔ جب آپ بولنا چاہیں گے بول لیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: کاکڑ صاحب ایک سیکنڈ۔ جناب! یہ ایک رسم کے مطابق ہو لینے دیں۔ 27ویں آئینی ترمیم کے بل میں پہلی بات۔۔۔

جناب چیئرمین: اگر آپ نہیں سنیں گے تو اِدھر سے بھی کوئی نہیں بول سکے گا۔

**Senator Azam Nazeer Tarar, Minister for Law and Justice**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! پہلی بات یہ ہے کہ اس میں total 49 clauses ہیں لیکن میں یہ وضاحت کر دوں کہ تین main subject areas ہیں اور دو ancillary ہیں۔ پانچ subject areas کو یہ address کرے گا۔ یہ تجویز لائی گئی ہے کہ Charter of Democracy میں پاکستان بھر کی جمہوری جماعتوں نے جنرل پرویز مشرف کے مارشل لاء کے دور میں یہ طے کیا کہ ہم نے اس ملک میں جمہوریت کے فروغ کے لیے، آئین اور قانون کی بالادستی

کے لیے مل کر چلنا ہے اور جدوجہد بھی کرنی ہے اور کچھ fundamentals طے ہوئے۔ ان میں ایک نقطہ وفاقی آئینی عدالت کا قیام تھا جس میں تمام صوبوں کے superior courts کے judges کی موجودگی ہو اور وہ جو آئینی معاملات ہیں، آئین پاکستان میں وہ clauses جو deal کرتی ہیں Constitutional jurisdiction سے یا interpretation of Constitution سے متعلقہ ہیں۔ جو ہمارے آج کے قانون میں Articles 184, 186, اور 187 میں کچھ powers ہیں۔ پھر صدر صاحب کئی مرتبہ ریفرنس فائل کرتے ہیں، بھیجتے ہیں، اس پر opinion لیتے ہیں، وہ معاملات آئینی عدالت سنے اور ہماری regular High Courts, Supreme Courts کا موجودہ ڈھانچہ اسی طرح برقرار رہے۔ اس میں سول، دیوانی، فوجداری، رینٹ، فیملی، کارپوریٹ، کمرشل، وہ سارے معاملات جو کہ 60 ہزار سے زائد cases سپریم کورٹ میں ہیں، وہاں پر ان کے فیصلے ہوں اور وہی final عدالت ہو گی، اس کی کوئی further appeal نہیں ہے۔

جناب! 26ویں آئینی ترمیم میں جب ہم نے اس پر مشاورت کی تو کچھ دوستوں نے یہ کہا کہ آپ اتنی بڑی تبدیلی کی طرف نہ جائیں، آپ transition کے ساتھ چلیں، آپ آئینی Benches بنا کر تجربہ کریں، اس سے شاید معاملات بہتر ہو جائیں اور سپریم کورٹ میں جو مقدمات کا تصفیہ ہے، وہ بہتر ہو جائے، اس کی رفتار بہتر ہو جائے۔ ہم نے Benches two-thirds majority سے اسی ایوان نے Bill pass کیا۔ قومی اسمبلی نے pass کیا اور صدر مملکت نے assent کیا۔ یہ Bill pass ہوا۔ سپریم کورٹ آف پاکستان میں آئینی بنچز بن گئے۔ تھا یہ کہ وہی عدالت ہے، وہی جج صاحبان ہیں، جوڈیشل کمیشن آف پاکستان انہیں نامزد کرتے تھے، دن کا زیادہ تر time Constitutional Petitions سنتے تھے۔ جو معاملات ان کی jurisdiction میں تھے اور باقی وقت میں دیگر مقدمات بھی سنتے تھے۔ لیکن جناب! Fact of the matter یہ ہے کہ پانچ یا چھ فیصد مقدمات ہیں ٹوٹل جن کا میں ذکر کر رہا ہوں، عدالت کا چالیس فیصد وقت وہ cases لے جاتے ہیں اور باقی مقدمات وہیں کے وہیں کھڑے تھے۔

دوسرا، کچھ لوگوں نے یہ بھی کہا کہ یہ court within court ہے۔ کچھ لوگوں نے یہ کہا کہ Benches Judicial Commission بناتا ہے، اس میں Legislature

بھی بیٹھی ہے، اس میں Executive بھی ہے، یہ کیسے ہوگا۔ یہ اعتراضات تھے۔ ہم نے طویل مشاورت کے بعد، تمام سیاسی قوتوں سے مشورہ کرنے کے بعد یہ طے کیا ہےاور اپوزیشن سے بھی گزارش کی تھی کہ آپ اس پر رائے دیں، وہ میڈیا کے ذریعے رائے دیتے رہے ہیں اور off the record بھی بات ہوئی۔ ہم نے کہا کہ وہ جو ایک دیرینہ خواہش اور مطالبہ ہے کہ ایک وفاقی آئینی عدالت قائم کی جائے۔ اس کی تجویز پارلیمان میں لے کر آئی جائے جو اس بل کے ذریعے آج ہم لے آئے ہیں۔

جناب! اب یہ تبدیلی آنے کی وجہ سے آئین کی تقریباً 40 ایسی clauses ہیں جن میں تبدیلی کرنے جارہے ہیں کیونکہ وہاں پر لفظ آئینی عدالت یعنی وفاقی آئینی عدالت کا ذکر ہوگا یا اس کے چیف جسٹس یا اس کے ججز کا ذکر ہوگا، اس وجہ سے clauses 49 میں سے تقریباً 40 clauses consequential in nature ہیں یعنی کہ آئین کی کسی شق کا مفہوم تبدیل نہیں کر رہے، اس میں صرف اس کا ذکر کیا جارہا ہے۔

جناب! دوسرا، ایک issue آیا transfer of Judges of the High Courts. 1973 کے آئین میں Article 200 میں اس کو address کیا گیا۔ Article 200 میں یہ کہا گیا کہ کسی بھی جج کو ایک ہائی کورٹ سے دوسرے ہائی کورٹ میں صدر مملکت transfer کر سکتے ہیں اور وہ اختیار ظاہر ہے وزیراعظم کی advice پر استعمال ہوتا تھا لیکن اس کے لیے جہاں سے جارہے ہیں اس ہائی کورٹ کے چیف جسٹس صاحب، جس ہائی کورٹ میں وہ جائیں گے، اس ہائی کورٹ کے چیف جسٹس صاحب اور سپریم کورٹ کے چیف جسٹس صاحب کو وہ اعتماد میں لیں گے یعنی ان سے consultation کریں گے۔ اس کے بعد وہ تبادلہ جج کی رضا کے بغیر دو سال کے لیے ہو سکتا ہے لیکن اگر دو سال سے زائد عرصہ آپ نے انہیں بھیجنا ہے تو اس کے لیے آپ کو ان کی consent لینا پڑے گی۔ اٹھارھویں ترمیم میں وہ جو دو سال والا معاملہ تھا، اس کو بھی نکال دیا گیا اور کہا گیا کہ ان کی consent لیں گے۔

26 ویں آئینی ترمیم میں وہیں کی وہیں provision اسی طرح رہی لیکن اس وقت بھی تجویز آئی تھی کہ اس میں بار بار یہ اشارہ ہوتا ہے کہ Executive کا کیوں عمل دخل ہے تو یہ معاملہ بھی آپ جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کو دے دیں۔ تو تجویز یہ دی جارہی ہے کہ اگر ایک ہائی کورٹ

سے دوسرے ہائی کورٹ میں کسی جج کو بھیجنا ہے، میں اس کی ایک مثال دیتا ہوں کہ بلوچستان کاایک چھوٹا ہائی کورٹ ہے لیکن اللہ تعالیٰ نے بلوچستان کو وسائل سے مالا مال کیا ہوا ہے۔ وہاں پر ریکوڈک پروجیکٹ ہے،سینڈک ہے،minerals کے کام بڑھ رہے ہیں، multi-national companiesآ رہی ہیں۔ وہاں پر اگر بلوچستان کے چیف جسٹس صاحب یا وہاں کی بار یا ججز مطالبہ کرتے ہیں کہ ہمیں سال،دو سالوں کے لیےcompany, corporate میں جو جج زیادہ تجربہ رکھتے ہیں، انہیں مہمان کے طور پر بھیجیں، وہ وہاں پرserve کریں اور واپس چلے جائیں۔ اسی طرح اسلام آباداور لاہور میں یہ ہو سکتا ہے۔ پشاور اور کراچی میں ہو سکتا ہے۔ کئی مرتبہ جج صاحبان خود خواہش کر دیتے ہیں کہ میرے کوئی family issues ہیں،اسی ہائی کورٹ میں میرے بچےpractice کر رہے ہیں اور میں انہیںdislodge نہیں کرنا چاہتا، میں کسی دوسرے ہائی کورٹ میں جا کر کام کرنا چاہتا ہوں تاکہ لوگ انگلیاں نہ اٹھائیں کہ ان کے بیٹے یا بیٹیاں یہاں پر وکالت کرتی ہیں۔ یہ ہمارے ہمسایہ ملک میں رائج ہے۔ ہم نے کہا کہ اس سے وزیراعظم کا،Executiveکاجو role ہےadvice پر، وہ نکال دیں یہ معاملہ بھی جو Commission ہے Judges Appointment کا، JCP (Judicial Commission of Pakistan) under Article 175-A, اس کے سپرد کر دیا جائے، جس میں Chief Justice ہوں گے، جس میں چار اور Judges ہوں گے، جس میں Bar کا نمائندہ ہے، جہاں پر دو Opposition کے، دو Treasury Benches کے members ہیں، جس میں Attorney General بھی بیٹھتا ہے وہ all inclusive ہے، جو کہ 18th amendment کی عین روح کے مطابق بنایا گیا اور ساتھ میں جو دو High Courts involve ہوں گے، ان کے Chief Justices کو بھی بنایا جائے۔ اس میں safeguards بھی دیے گئے ہیں۔ safeguards یہ ہیں کہ Chief Justice جس صوبے میں بیٹھے ہوئے ان سے senior Judge کو نہیں بھیجا جائے گا تاکہ Chief Justiceکے عہدے کے حوالے سے کسی قسم کا کوئی تنازع پیدا نہ ہو۔

اس میں Judicial Commission پر چھوڑ دیا گیا کہ وہ Judge صاحب کو بلا کر اس کی consent کی بات کرنا چاہیں، consent کے علاوہ کرنا چاہیں، کن terms پر بھیجنا چاہتے ہیں، کتنے عرصے کے لیے بھیجنا چاہتے ہیں، وہ clear کر دیا گیا ہے۔

پیچھے transfers ہوئیں Islamabad High Court میں، کیونکہ یہ ایک Federation کا High Court ہے۔ کہا گیا کہ ایسے علاقے جن کی نمائندگی نہیں ہے Sindh Interior سے، Balochistan سے، Punjab کے South Punjab سے، وہاں سے Judges کو transfer کیا گیا، تو ان کے seniority کا مسئلہ پیدا ہوا۔ معاملہ Constitutional Bench کے سامنے گیا، انہوں نے معاملہ پھر صدرِ مملکت کو refer کیا اور یہ بات وہ مانے کہ جو seniority ہے وہ شروع ہوگی from the date he takes first oath as a judge of High Court. یہ تو بڑی غیر مناسب بات ہے کہ ایک Judge نے 2016 میں oath لیا اور کراچی میں انہوں نے آٹھ سال کام کیا اور اس کے بعد آپ نے انہیں بھجوا دیا لاہور میں اور 2020-21 میں لاہور میں Judges appoint ہوئے تو roster میں ان کے نیچے جا کر بیٹھے، تو یہ غیر مناسب بات تھی۔ وہ معاملہ حل کر دیا گیا ہے کہ جج صاحبان اپنی original seniority carry کریں گے۔ وہ عارضی ہوگا یا مستقل ہوگا، اس میں ان کے سارے contours دے دیے گئے ہیں۔ اس سے آگے چلتے ہیں، جناب! Senate کے elections سارے ملک میں ہو گئے، لیکن کچھ سیاسی کشمکش تھی، کچھ عدالتی فیصلے تھے، دونوں فریقین اپنے مؤقف پر قائم تھے۔ معاملہ عدالتوں میں رہا۔ Khyber Pakhtunkhwa میں Senate کا election ایک سال سے زائد عرصے کی تاخیر سے ہوا اور اسی Floor پر اس کا ذکر ہوتا رہا ہے آپ کی Ruling بھی ہے Chairman, Deputy Chairman کے election پر، اللہ نے کیا ہو گیا۔

اب یہ ایک ابہام رہتا تھا throughout اور کل کو بھی ایسی صورت حال آ سکتی تھی۔ ان کے tenure کی protection اور جو Harmony کی Senate ہے یعنی کہ Senate کبھی تحلیل نہیں ہوتی اور ہر تین سال کے بعد Senate Elections کے بعد oath ہوتے ہیں اور پہلا کام Chairman and Deputy Chairman کا

election ہوتا ہے۔ اس کو کسی ابہام اور تنازعے سے بچانے کے لیے اس کو saving clause دی گئی ہے یا اس کو explain کر دیا گیا ہے یا کس طرح ہو گا۔ چھوٹے صوبوں نے یہ مطالبہ کیا کہ جو آپ نے Cabinet کا 11% رکھا ہے کہ total strength کا 11% سے زیادہ نہیں ہوگا۔ Punjab جیسے بڑے صوبے میں جہاں Assembly جو ہے وہ ساڑھے تین سو سے زائد پر ہے، وہاں یہ مسئلہ نہیں آتا، کیونکہ چونتیس یا چالیس اگر محکمے ہیں، تو ان کا 11% پینتالیس چھیالیس لوگوں پر بنے گا۔ جناب! Balochistan میں سب سے زیادہ مسئلہ تھا، کہہ دیا گیا کہ پندرہ یا گیارہ فیصد میں سے جو higher side ہے وہ کر لے، لیکن اس کے باوجود وہ پندرہ سے آگے نہیں جا سکتے۔ اب پاکستان کے جغرافیے میں کوئی آدھا پاکستان جو ہے وہ Balochistan کے حصے میں ہے، administrative مسائل ہیں، ان کے دیگر مسائل ہیں، وہ بار بار کہتے تھے جی ہمیں Cabinet size تھوڑا سا بہتر کر دیں کیونکہ اس سے ہمارا کام نہیں چلتا۔ محکمے بہت زیادہ ہیں، اور governance کی quality نہیں ہوتی۔ Sindh نے بھی، یہ شکایت کی کہ ان کا بھی number of MPAs کے حساب سے محکمے زیادہ ہیں وزارتیں کم ہیں۔ اس لیے Khyber Pakhtunkhwa کا بھی issue ہوگا، ماسوائے Punjab کے یہ تھا۔ اس 11% کو بہت سوچ سمجھ کے تجویز لے کر آئے ہیں۔ یہ سب تجاویز ہیں جو Bill کی شکل میں آئیں ہیں، پاس کرنے کا، reject کرنے کا اختیار اس موقر ایوان کا ہے۔ آپ two-third majority سے پاس کریں گے تو یہ آئین کا حصہ بنے گا، آپ نہیں کریں گے تو یہ Bill کی صورت میں ویسے ہی واپس ہو جائے گا۔ وہ 13% کیا ہے، پہلے پانچ Advisors کی اجازت تھی۔

نئی جہتیں ہیں، بہت technical areas ہیں، AI آ گئی ہے، digital reformation ہو گئی ہے، economy کے کئی contours بدلے ہیں۔ حکومتوں کے پاس یہ اختیار ہونا چاہیے کہ وہ تھوڑا اس کو stretch کریں۔ اس میں ہمارے دوستوں نے Pakistan Peoples Party نے کہا کہ اس کو بہت تھوڑا آپ کریں، باقی دیگر دوستوں سے بھی مشاورت کی، سب کا خیال تھا کہ بہت زیادہ نہیں پانچ سے سات پر لے کے گئے ہیں and that's all, یہ بھی تجویز ہے۔ اسی طرح Article 243 کے بارے میں مختلف TV Channels پر بھی بڑی debate ہوئی ہے کہ پتا نہیں کیا آ رہا ہے، پتا نہیں کیا ہونے جا رہا ہے۔

اس میں ابہام کو دور کرنے کے لیے میں مناسب سمجھوں گا کہ میں اس relevant clause کا مطالعہ کر دوں تاکہ یہ نہ ہو کہ کوئی چیز سمجھ نہیں آئی اور اس کا ہمیں پتا نہیں چلا۔

یہ ہے، Services کے بارے میں۔ اس میں تبدیلی کی کیوں ضرورت پیش آئی؟ جناب چیئر مین اللہ تعالیٰ نے اس ملک پر اپنا خاص فضل کیا اور ہمیشہ سے رہا ہے۔ لیکن اس کی رحمتوں کی جو برسات اور اس کے فضل و کرم کا جو عالم ہم نے May, 2025 میں دیکھا، اس پر ساری دنیا کی نظریں پاکستان کی طرف ہیں۔ پاکستان پر ایک جھوٹا الزام لگا کر، بھارت نے ایک ڈھونگ رچا کر پاکستان کی علاقائی سلامتی کو violate کرنے کی کوشش کی، ایک مرتبہ نہیں، دو مرتبہ کی اور پھر جو befitting response افواج پاکستان نے دیا، اس کی پوری دنیا معترف ہے، چاہے وہ Super Powers ہیں، چاہے وہ Islamic Block Countries ہیں، چاہے وہ اس region میں بسنے والے دیگر لوگ ہیں۔

جناب چیئر مین! جب strategic چیزوں کی بات ہوتی ہے، تو میرے خیال میں ہمیں بہت احتیاط کے ساتھ باتیں کرنا چاہیے اور میں یہ عرض کروں گا اپنے دوستوں سے کہ اس ساری scheme کو پہلے پڑھ کر، سمجھ کر، اس پر ضرور بحث بھی کریں، اس کو discuss بھی کریں، لیکن اس پر پاکستان کی عزت، وقار اور سالمیت کا عنصر ضرور ملحوظِ خاطر رکھیے گا۔ جن جوانوں نے شہادتیں دی ہیں، اور جن جوانوں نے یہ جنگ جیت کر دی ہے، اور جن Commanders نے اس کو lead کیا ہے وہ National Heroes ہیں۔ ہمیں ان کی عزت اور وقار کا احساس ہے۔

اب جو نئے زمانے کی جہتیں ہیں، جو International trends ہیں، ان کو سامنے رکھتے ہوئے Article 243 میں کچھ چیزیں کو introduce کروایا جا رہا ہے۔ میں اس کو پڑھ دیتا ہوں کوئی suspense نہیں ہے۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ Chairman Joint Chiefs of Staff کا جو عہدہ ہے وہ رواجاً conventionally ہماری آرمی میں نہیں تھا Commander-in-Chief ہی ہم کہتے تھے جو military کے Chief of Army Staff تھے وہی lead کرتے تھے defence forces کو۔ پھر ہم نے Chairman Joint Chiefs of Staff Committee بنائی اور اس کے ایک Chairman مقرر کیے۔ اب تجویز یہ ہے کہ جو Chief of Army Staff ہیں، انہوں نے کیونکہ ان کی خدمات

اور حالیہ جنگ میں ان کی جو کامیابی ہے اور جو عزت و تکریم انہوں نے دیگر Services Chiefs کے ساتھ مل کر اس قوم کو پیش کی ہے، اس قوم نے اس کو recognize کرتے ہوئے انہیں Field Marshal کے title سے نوازا۔ Field Marshal کا title جو ہے وہ ایک title ہے، rank ہے، وہ appointment as such نہیں ہے۔ Army Chief جو ہے وہ appointment ہے، اس کا ایک time frame ہے، وہ پانچ سال کے لیے ہمارے قانون کے مطابق on the expiry of that time, whatever is mentioned in the law وہ عہدہ چھوڑ دیتے ہیں unless and until he has been granted extension by the competent authority. وہ وضاحت اس میں موجود ہے لیکن Field Marshal ہیں یا Marshal of the Air Force ہیں یا Admiral of the Fleet ہیں یہ دنیا کے مختلف ممالک میں ہیں بحریہ کے لیے، فضائیہ کے لیے اور بری افواج کے لیے ہے۔ ان کا ذکر کیا گیا ہے اور کہا گیا ہے کہ یہ National Heroes ہوں گے جن کو یہ title دیا جائے گا اور یہ title ساری دنیا میں تاحیات ہے۔ It's a title کہ آپ کو ان خدمات کے صلے میں قوم نے اس اعزاز سے نوازا کہ آپ Field Marshal کہلائیں گے۔ اس کی بابت یہ وضاحت کر دی گئی ہے اور ساتھ میں کہہ دیا گیا ہے کہ اس title کو بھی آپ نے کیونکہ ایک Constitutional protection دینی ہے تو اس کے بابت یہاں پر لکھ دیا گیا ہے کہ اس کی impeachment یا reversal وہ وزیراعظم کا اختیار نہیں ہوگا، وہ پارلیمان کا اختیار ہوگا کیونکہ وہ ساری قوم کا Hero ہے، کسی ایک وزیراعظم کا یا executive کا hero نہیں۔ میں پڑھ دیتا ہوں تاکہ یہ debate جو ہے اس حوالے سے generate ہو اور اس پر جو چہ میگوئیاں ہو رہی ہیں وہ بھی ختم ہو جائیں۔ Sir this is amendment of Article 243, میں ترجمہ بھی کروں گا اپنے بھائیوں کے لیے جو میرے دوست ہمیشہ کہتے ہیں کہ آپ translated, translated ویسے آ گیا ہوگا۔

In the Constitution, in Article 243, for clause (4), the following shall be substituted, namely: The President shall, on the advice of the Prime Minister, appoint the

Chief of Army Staff, concurrently the Chief of Defence Forces,

جو میں نے کہا، جو original scheme ہے، اور یہ دنیا کے بے تحاشہ ممالک میں رائج ہے۔ وہ آ جائیں گے، Army Chief جو ہیں وہ Chief of Defence Forces ہوں گے۔ The Chief of Naval Staff and Chief of Air Staff کی appointment بھی اسی طرح وزیراعظم کی advice پر ہوا کرے گی۔ اس کے ساتھ یہ کہہ دیا گیا کہ ان کے salaries allowances کی determination وہیں سے ہو گی، وہ پہلے بھی وہیں ہے۔

اب جو نئی clauses ڈالی گئی ہیں وہ five, six, seven, eight, nine, ten, eleven ہیں۔ Clause 5 کہتی ہے کہ notwithstanding anything contained in clause-4, the office of Chairman, Joint Chief of Staff Committee shall stand abolished with effect from 27th day of November 2025. جناب! جو موجودہ Chairman, Joint Chief of Staff Committee ہیں وہ بھی ہمارے قومی ہیرو ہیں۔ اُن کی مدت ملازمت اور اُن کی وہ appointment جب ختم ہو گی، اُس کے بعد یہ عہدہ abolish ہوگا۔ اُن کے currency of period میں پارلیمان یہ سوچ بھی نہیں سکتی کہ ہم انہیں اُس عہدے سے محروم کریں لیکن اس کے بعد نئی تقرری نہیں ہو گی کیونکہ ہم نے Chief of Army Staff کو ہی Chief of Defense Forces کی ذمہ داری سونپنی ہے۔ یہ تجویز ہے۔ Clause 6 میں تجویز یہ ہے

that the Prime Minister shall on the recommendation of Chief of Army Staff concurrently the Chief of Defense Forces appoint the commander of National Strategic Command from members of Pakistan army and shall also determine his salaries.

یہ دراصل Chairman Joint Chief of Staff Committee کے functions میں سے ایک یہ بھی function ہے۔ جناب! یہ ایک حساس معاملہ ہے۔ جو ہمارے assets ہیں، جو ہماری دفاعی capabilities ہیں، missile system ہیں،

دیگر capabilities ہیں، nuclear capabilities ہیں، اُس کے لیے ایک responsibility ہے۔ تو اس کی appointment بھی وزیر اعظم کریں گے۔

Where the federal government promotes a member of armed forces to the rank of Field Marshal, Marshal of Air Force and Admiral of fleet, such officers shall retain the rank privileges and remain in uniform for life.

دنیا کے بہت سارے ملکوں میں یہ رائج ہے۔ Command وہ relinquish کر دیں گے، اگر وہ Chief of Air ہیں تو جب ان کا اپنا time مکمل ہوگا وہ command relinquish کریں گے۔ Army Chief ہیں تو وہ اُس وقت کے مطابق کریں گے لیکن یہ title اور rank 'Field Marshal' کا اگر کسی کو دیا گیا ہے تو آئین اُس کو protect کر رہا ہے۔

Nine میں ہے کہ the provisions of article 248 as applicable to President shall, mutatis mutandis, not be applied to Field Marshal, Marshal of Air Force and Admiral of fleet جو میں نے بات کی ہے کہ پھر یہ نہیں ہے کہ ایک بندے نے اپنی ساری عمر دی۔ اُس نے اس ملک کی خدمت میں ایک جنگ جیتی۔ ایک نہیں کئی اور محاذوں پر کامیابی حاصل کی۔ قوم نے اُسے اس title سے نوازا تو یہ کوئی فردِ واحد کا فیصلہ نہیں ہوگا کہ آپ یہ title واپس لے لیں۔ یہ اس ایوان کا اختیار ہے۔ یہ دونوں ایوان joint sitting میں by vote ایسا کر سکتے ہیں، جو صدر کو مواخذہ کرنے کا طریقہ ہے۔

جناب! on completion of term of his command یہ وہ بات ہے جس کے میں وضاحت کروں گا کہ under the law, the federal government shall determine the responsibilities and duties of Field Marshal, Marshal of Air Force and Admiral of fleet in the interest of State کہ جب وہ command چھوڑتے ہیں تو اس کے بعد وفاقی حکومت کے لیے یہ option open ہوگا کہ اُن کو کسی اعزازی، مشاورتی یا جس بھی

capacity میں وہ انہیں کہیں کیونکہ وہ قوم کا سرمایہ ہے، uniform میں ہیں، title آپ نے دیا ہوا ہے، تو وہ option بھی دے دی گئی ہے۔

The President shall on the advice of Prime Minister determine the salary, allowances and so and so of the officers of these three forces.

تو جناب! یہ ساری وہ بات تھی۔ آپ کے سامنے اس لیے رکھی ہیں کہ اب آپ نے ان چیزوں پر debate کرنی ہے، میرے خیال میں یہ کچھ topics تھے جن پر میں نے کہہ دیا کہ ہم Federal Constitutional Court قائم کرنے جا رہے ہیں۔ میں نے Judges کے transfer کے اُوپر بات کر دی۔ Senate elections ایک time پر ہوا کریں گے اور ابہام دور کرنے کی بات کر دی۔ Cabinet کی بات ہو گئی۔ دو سو تینتالیس کی جو ہماری defense forces ہیں اور اُس پر میں نے پھر عرض کیا ہے کہ ہماری سیاستیں، ہمارا سب کچھ ہمارے ملک کے لیے ہے۔ ملک کی عزت، وقار اور سالمیت کو سامنے رکھتے ہوئے اس پر debate کریں، سر آنکھوں پر، ہم اس کا جواب دیں گے۔

جناب! دو چھوٹی چھوٹی چیزیں اور ہیں۔ دو چیزیں اور ہیں۔ ایک Presidential immunity کے اوپر debates چل رہی تھی، وہ کمیٹی میں معاملہ debate ہو گا۔ دوسرا، ہماری حلیف جماعت متحدہ قومی موومنٹ اور ہماری حلیف جماعت بلوچستان عوامی پارٹی نے دو Constitutional amendments کے Bills, already introduce کروائے ہوئے ہیں جو کہ already standing committee میں ہیں۔ وزیرِاعظم صاحب سے جب ان دوستوں کی ملاقات ہوئی اور عوامی نیشنل پارٹی کی بھی ایک تجویز جو ہے، وہ بھی table پر آئی۔ وہاں پر انہوں نے کہا کہ جب صوبہ خیبر پختونخوا کا نام NWFP سے بدلا جا رہا تھا تو ان کا یہ تقاضا تھا کہ اسے پختونخوا کے نام سے یاد کیا جائے۔ بہر کیف وہاں پر اٹھارویں ترمیم میں اُسے خیبر پختونخوا رکھا گیا۔ ہم نے کہا کہ چونکہ Standing Committees کو یہ اختیار ہوتا ہے کہ وہ Bills کو بھی دیکھیں اور جو اس کے علاوہ بہتر تجاویز ہیں، وہ بھی دیکھیں۔ ہماری حلیف اتحادی جماعت پاکستان پیپلز پارٹی نے یہ جو provisions ہیں، جو اس Bill کا حصہ ہیں، اُس کی approval تو اپنی Central Executive Committee سے لی ہے، جو ان کا ایک

رواج ہے اور وہ کہتے ہیں کہ ہم اس کے اندر ہی رہتے ہیں لیکن اس کے باہر جو تجاویز ہیں، جیسے میں نے عرض کیا کہ متحدہ قومی موومنٹ کا مقامی حکومتوں کو financially بااختیار بنانے کا اور یہ کہ اُن کے tenure کو protection دی جائے اور جو Punjab Assembly کی ایک resolution آئی۔ یہ وہ issues ہیں جن پر وزیرِاعظم صاحب نے آج cabinet میں یہ ہدایت کی کہ وہ دوست committee میں اگر ان کو اٹھاتے ہیں تو rules and procedures کے مطابق ہم کوشش کریں کہ اس پر اتفاقِ رائے ہو۔ بلوچستان عوامی پارٹی کا صوبائی seats میں اضافے کا جو مطالبہ ہے کہ صوبہ بہت بڑا ہے اور حلقے بہت بڑے ہیں اور آبادی کم ہے۔ تو اس میں اگر 65 سے اسے 90 یا 95 کر دیا جائے، تو وہ بات بھی وہاں پر ہو سکتی ہے۔ ایمل ولی خان صاحب کی جو تجویز ہے کہ اس کو بھی آپ consider کریں کہ جہاں پر پختون بستے ہیں اس صوبے کا نام جیسے بلوچوں کے صوبے کا لیے ہم بلوچستان، سندھی بھائیوں کا سندھ اور پنجابیوں کا پنجاب ہے تو یہ بھی آپ وہاں پر debate کریں۔

جناب! جمہوریت کی خوبصورتی ہے کہ سیاستدان ہمیشہ مل بیٹھ کر افہام و تفہیم سے اور منطق سے ایک دوسرے کو قائل کرتے ہیں۔ میں دل کی گہرائیوں سے خراج تحسین پیش کرتا ہوں آج اپنے opposition کے بھائیوں کو کہ انہوں نے اس نازک موقع پر تحمل کے ساتھ یہ بات سنی۔ ہم یہ توقع رکھتے ہیں اور مجھے ہدایت ہے اپنی حلیف جماعتوں کے رہنماؤں کی بھی اور وزیر اعظم صاحب کی بھی کہ میں پھر انہیں آج یہ استدعا کروں کہ آپ Standing Committees میں آئیں، آپ بیٹھ کر یہاں پر debate کریں، یہ آپ کا decision ہوگا۔ جناب! Floor of the House پر جو بات کریں گے ہم اُس کا جواب دینے کے پابند ہیں۔

میری آپ سب دوستوں سے گزارش ہو گی کہ Bill کی کاپیاں آپ کے سامنے ہیں۔ جو آپ کے سامنے رکھا ہے، اس کے علاوہ اس میں کچھ نہیں ہے۔ جناب! laws اور قوانین جو ہیں وہ لوگوں کے لیے ہوتے ہیں۔ People of Pakistan should be benefited۔ ہم نے اس نیت سے یہ چیزیں کی ہیں کہ نظام میں بھی استحکام رہے گا۔ اگر آپ اس کی کچھ چیزیں پر between the lines نتائج اخذ کریں گے تو بالکل میں کھل کر یہ بات کروں گا کہ ہم نے Suomoto کا اختیار ختم کیا ہے، ہم نے 184(3) کو ختم نہیں کیا بلکہ اُس کو صرف وہاں سے اٹھا

کر Constitutional Court کے chapter میں لے گئے ہیں۔ 186 ختم نہیں کیا بلکہ اُس کو اُٹھا کے ہم اُس relevant chapter میں لے گئے ہیں۔ Suomoto کا اختیار ہم نے ختم کیا ہے تاکہ پھر کوئی Chief Justice آ کے لوگوں کو بے لباس نہ کرے، ہسپتالوں میں چھاپے نہ مارے، وزرائے اعظم کو گھر نہ بھیجے، وہ وزرائے اعظم کو سولیوں پر نہ لٹکائے۔ تو ہم نے یہ اس نیت کے ساتھ کیا ہے۔ مجھے امید ہے کہ Opposition کے بھی یہ دن پھرتے رہتے ہیں۔ آج ہم ہیں، کل آپ ہوں گے۔ ملک کے استحکام کے لیے اچھی spirit کے ساتھ کام کریں۔ شخصیات کے لیے نہیں، ملک کے لیے ترامیم کی جاتی ہیں۔ اس نیت کے ساتھ آپ کے سپرد کرتے ہیں۔ یہ تجاویز ہیں، ان کو آئین کی شکل آپ نے دینی ہے کیونکہ آپ بااختیار ہیں۔ بہت شکریہ۔

Mr. Chairman: Mr. Ali Qasim Gillani MNA sitting in the House, we welcome him.

*(Desk thumping)*

جناب چیئرمین: جی راجہ ناصر عباس صاحب۔

**Senator Raja Nasir Abbas**

سینیٹر راجہ ناصر عباس: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ چیئرمین صاحب۔ میں نے پاکستان کی جو آئینی تاریخ کو پڑھا ہے، یہ آئین جو ہمارے پاس 1973 میں آیا تھا، یہ نئے پاکستان کا تھا، جو 1971 میں ٹوٹ گیا تھا اُس کے بعد یہ نیا آئین وجود میں آیا۔ اُس وقت پیپلز پارٹی کی حکومت کی پارلیمان میں two third majority تھی لیکن انہوں نے پوری کوشش کی، سب کو راضی کیا اور ایک مشترکہ آئین بنایا جو بلوچستان کے عوام کو، جو سندھ کے عوام کو، جو پنجاب کے عوام کو اور اُس دور کے NWFP اور آج کے خیبر پختونخوا کے عوام کو قبول تھا اور جس میں اُن کی نمائندگی موجود تھی۔ اس کو اتفاق رائے سے pass کیا گیا۔ اپنی two third majority کی بنیاد پر opposition کی رائے کو bulldoze نہیں کیا گیا اور اُن کو باقاعدہ موقع دیا گیا۔ اُن کے ساتھ consensus ہوا، مذاکرات ہوئے اور بات چیت ہوتی رہی۔

میں نے سنا ہے کہ جب $18^{th}$ amendment بھی آئی تو کافی عرصہ اُس پر گفتگو ہوتی رہی۔ Opposition بھی تھی اور باقی سارے بھی تھے، بیٹھ کر بات کرتے رہے اور ایک consensus بنایا لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ چھبیسویں آئینی ترمیم اس پارلیمان میں

کس طرح سے pass ہوئی۔ جناب چیئرمین! آپ نے خود اپنی آنکھوں سے دیکھا اور ہم نے سنا بھی ہے کہ کیسے لوگوں کو راضی کیا گیا، اُٹھایا گیا، threat کیا گیا اور اس چھبیسویں آئینی ترمیم نے کیا کیا؟ اس نے آئین کو متنازعہ بنا دیا۔ پارلیمنٹ کے وقار کو پاؤں تلے روندا گیا۔ پارلیمنٹ کا مذاق بنایا گیا۔ پارلیمنٹ کا تمسخر اُڑایا گیا۔ لوگ چھپتے رہے، اپنے افراد کو چھپاتے رہے کہ کہیں زبردستی نہ لے جائیں اور زبردستی اُٹھاکے لے جایا گیا۔ آپ کے سامنے اختر جان مینگل کے ساتھیوں کو کیسے یہاں پر لایا گیا تھا۔ دیکھیں آئین کو متنازعہ بنانا بہت بڑا جرم ہے ایک متفقہ آئین کو بغیر consensus کے بغیر اپوزیشن کو on board لیے بغیر، عوام کے درمیان debate ہونی چاہیے۔

Mr. Chairman: Please order in the House.

سینیٹر راجہ ناصر عباس: اگر اس آئین کو عوام کی حمایت حاصل نہ ہو۔ ان ترامیم کو عوام کی حمایت حاصل نہ ہو تو کیسے اس کو قبول کریں گے اور اس کی حرمت کے قائل ہوں گے؟ ہمارے لیے حیرانگی ہے کہ کیا جلدی ہوتی ہے؟ اچانک آپ رات کو اُٹھتے ہیں کہ amendment ہو رہی ہے۔ پھر آپ نے چار پانچ دنوں میں فیصلہ کرنا ہے۔ آپ کو کیا جلدی ہے؟ اگر بیس دن لگ جائیں، تیس دن لگ جائیں، مہینہ لگ جائے، دو ماہ لگ جائیں لیکن آپ کا consensus ہو جو public opinion آپ کے ساتھ ہو تو بہتر ہے۔ لیکن یہاں الٹی گنگا بہتی ہے۔ 26 ویں آئینی ترمیم میں بھی الٹی گنگا تھی۔ اب بھی الٹی گنگا ہے۔ میں واقعی حیران ہوتا ہوں کہ آپ جنابِ والا! افراد کو دیکھ کر قانون سازی کرتے ہیں۔ آپ Joint Chiefs of Staff Committee کے چیئرمین کو powerful کیوں نہیں کرتے؟

پاکستان کے ٹوٹنے کے بعد یہ آئین بنا، تو اُس وقت Joint Chiefs Staff Committee کے چیئرمین کا جو عہدہ رکھا گیا تھا۔ دنیا بھر میں یہ نظام موجود ہے اس لیے رکھا گیا تھا کہ وہاں پر باقاعدہ Joint Chiefs of Staff Committee کے چیئرمین ہوتے ہیں وہ coordinate کرتے ہیں اور معاملات کو آگے لے کر چلتے ہیں۔ ہمارے ہاں Joint Chiefs of Staff Committee کے چیئرمین کو انتہائی کمزور کر دیا گیا ہے اور Army Chief کا جو اس کے under آتا تھا اس کو طاقتور کر دیا گیا۔ دیکھیں یہ عدم توازن power کا اور check نہ ہونا۔۔

پہلے آپ دیکھیں مارشل لاء لگتے ہیں ایک طالع آزما آتا ہے court بھی اُس کے ساتھ لگ جاتی ہے، عدلیہ بھی اُس کے ساتھ لگ جاتی ہے۔ چھبیسویں آئینی ترمیم کے بارے میں پاکستان میں referendum کروالیں، پاکستان کے عوام نے اسے مسترد کیا، قبول نہیں کرتی۔آپ کی عدلیہ paralyzed ہے ہم paralyzed ہیں تمام ادارے paralyzed ہو چکے ہیں، مفلوج ہو چکے ہوئے ہیں کوئی اپنا role play نہیں کر رہا۔ ہمیں زبردستی بٹھایا جاتا ہے اور آئینی ترمیم لائی جاتی ہیں۔اس کے بعد کہتے ہیں کہ اس کے اوپر debate کرلیں۔آپ کے پاس دو دن ہیں، ہمارے پاس کیوں دو دن ہیں؟ ہمارے پاس ایک مہینہ کیوں نہ ہو؟ کیا جلدی ہے ہمیں؟ آسمان گر رہا ہے زمین پر۔

میرے خیال میں یہ practice پاکستان کے عوام دیکھ رہے ہیں کہ یہاں پر ایسے لوگ پارلیمنٹ میں آگئے ہیں جو آزاد نہیں ہیں۔ طالع آزما اور طاقتور لوگوں کے pressure کے نیچے آ کر ان کی مرضی کے مطابق قانون پاس کرتے ہیں۔ان کی مرضی کے مطابق Bill پاس کرتے ہیں۔ یہ صحیح کیوں نہ ہو، یہ صحیفہ کیوں نہ بن جائے لیکن اگر اسی طرح آپ پاس کریں گے اور سینیٹ میں لائیں گے تو یہ متنازعہ ہوگا۔آئین کو متنازعہ کرے گا۔ بے شک آپ نے کتنا ہی خوبصورت نہ لکھا ہو، ہم نے پہلے دیکھا کہ چھبیسویں آئینی ترمیم نے کتنی تباہی اور بربادی پھیلائی۔

لہٰذا میرے خیال میں یہ جو قدم آپ نے اُٹھایا ہے، یہ خوبصورت ہی کیوں نہ ہو، بہترین ہی کیوں نہ ہو۔ ہمیں آج پتا چل رہا ہے ہم opposition میں موجود ہیں، ہمیں پہلے کیوں نہیں بتایا گیا؟ ہم سے بات کیوں نہیں کی گئی؟ کیا یہ کوئی ایسی مخفی چیز تھی؟ کوئی top secret چیز تھی؟ عوام سے اور عوام کے نمائندوں سے کیوں الگ تھلگ رکھا گیا؟ یہ رویے شکوک و شبہات ایجاد کرتے ہیں۔ میرے خیال میں جو لوگ یہ کام کروا بھی رہے ہیں اُن کے اپنے نقصان میں جائے گا۔

جب پاکستان کا آئین متنازعہ۔جب آپ کے پاس آئین متنازعہ ہو اور لوگوں کا اُن پر یقین ختم ہو جائے، ہمارا ملک بحرانوں کا شکار رہے گا۔جب پہلے پاکستان ٹوٹا تھا،اُس وقت ہمارے پاس کوئی آئین نہیں تھا کہ کہاں جائیں،کیسے مسائل حل کریں۔ اگر یہ آئین ہمارے ہاں متنازعہ ہو جائے گا اور ہے ابھی۔ لوگوں کے لیے مسائل بڑھ رہے ہیں،لوگ کہتے ہیں کہ نیا social contract ہونا چاہیے۔ جب اس طرح سے ہم آئین پاس کرائیں گے اور آئینی ترامیم لے کر آئیں گے ایسے جیسے

راتوں کو چور آتے ہیں۔ اس طرح سے لے کر آئیں گے۔ یہ پاکستان کے لیے نقصان دہ ہے۔ یہ وطن کی سالمیت پر وار ہے۔ یہ پاکستان کے آئین پر حملہ ہے۔ لہٰذا اِس طرح کی جو کارروائی کی جاتی ہے ہم اس کی مذمت بھی کرتے ہیں اور اس کا کبھی ساتھ نہیں دیں گے۔

آپ کے پاس سینیٹ موجود ہے۔ آپ بیس دن، تیس دن، چالیس دن اجلاس چلائیں لیکن consensus پیدا کریں۔ ماشاء اللہ آپ کا جمہوریت کے ساتھ ایک رابطہ ہے جناب چیئرمین! تعلق رہا ہے، آپ تجربہ کار ترین یہاں پر شخصیت ہیں۔ آپ کو انہیں عقل دینی چاہیے تھی، سمجھانا چاہیے تھا کہ ایسے ترامیم نہیں لائی جاتیں۔ یہ طریقہ کار درست نہیں ہے۔ آپ نے لکھا ہے کہ قرآن و سنت سپریم ہیں، حاکمیت اللہ کی ہے۔ آپ جو ترامیم کر رہے ہیں، اس سے اللہ کی حاکمیت طاقتور ہو رہی ہے۔ آرٹیکل 1 کہتا ہے کہ حاکمیت اعلیٰ اللہ کی ہے، قرآن و سنت supreme ہیں۔ آپ جو amendment لائیں جو بھی لے کر آئیں اس سے یہ پتا چلنا چاہیے کہ عوام empower ہو رہے ہیں اور اللہ کی حاکمیت کو پاکستان میں عمل نہیں کیا جا رہا۔ اس سے اللہ کی حاکمیت عملی ہو رہی ہے ایسے ہو رہا ہے۔ اللہ نے ایسی دین نازل کیں ہیں۔ اللہ جو ہمیں دین بھی بھیجا ہے وہ آہستہ آہستہ ترتیب کے ساتھ بھیجا ہے۔

میرے خیال میں اچانک چیزوں کو لے کر آنا اور آئین کو متنازعہ بنانا پاکستان کے اوپر حملہ ہے آئین پر حملہ ہے۔ یقین کر لیں یہ جو social contract تھا، عمرانی معاہدہ تھا پاکستانی کے عوام کے درمیان جس سے ہم ایک 14-18 فیڈریشن کو متحد رکھتا ہے یہ آج دفن ہونے جا رہا ہے۔ وزیرِ قانون صاحب بہترین الفاظ میں بات کرتے ہیں، ماشاء اللہ لگتا ہے جیسے ساحر ہیں جادو گر نہیں جیسے ہوتا۔ ایسی مشکل ترین چیز جس سے نفرت کی جائے اُس کو بھی بڑا پاک بنا کر پیش کر دیتے ہیں۔ میرے خیال میں درست نہیں۔ ہم سب جانتے ہیں کہ آٹھ فروری 2024 کو کیا ہوا۔ ہم سب جانتے ہیں۔ سب کو پتا ہے یہ جو پارلیمنٹ بنی ہے، سینیٹ بنا ہے یہ Form-47 کی پارلیمنٹ ہے۔ یہ پاکستان عوام کے نمائندہ نہیں ہیں۔ جب پاکستان عوام کے نمائندہ نہیں ہیں یہ جو بھی آئینی ترامیم کریں گے پاکستان کے عوام اس کے ساتھ نہیں ہوں گے۔ نتیجہ کیا نکلے گا جب عوام ساتھ نہیں ہوں گے تو اس سینیٹ کی حیثیت بھی ختم ہو جائے گی، پارلیمنٹ کی حیثیت بھی ختم ہو جائے گی۔

جناب چیئرمین! میرے خیال میں آپ اگر اس ایوان کے custodian ہیں اور آپ ہیں، تاریخ ہے آپ کی پارٹی کہ یہ آئین بنانے والی جماعت ہے۔ اس طرح کی activity, practice کو یہاں پر اجازت نہ دیں کہ اس طرح چلے۔ آپ نے کہا آج بھی بیٹھیں کل بھی بیٹھیں، کس میں بیٹھیں، اس کے اندر آپ نے جو پارلیمانی کوئی کمیٹی بنائی ہے۔ آپ کیوں کہتے ہیں کہ دو دن کے اندر فیصلہ کر لیں۔ جلدی کس چیز کی ہے؟ اس کو پاکستان کے عوام تک جانے دیں۔ بندہ بندہ اس کو پڑھے، رائے لیں۔ وکلا سے رائے لیں۔ سب کو دیں، وافق سے لیں۔ civil society سے رائے لیں۔ دنیا کے اندر لوگ پڑھے لکھے پاکستان میں۔ صوبے موجود ہیں اُن سے رائے لیں۔ لیکن ہم کسی کو پوچھتے نہیں کیونکہ ہمارے پاس طاقت ہے، ہمارے پاس گولی ہے، ہمارے پاس ڈنڈا ہے۔ ہم جو چاہیں کریں۔ ہم بندوں کو ماریں جو کچھ کریں ہماری مرضی ہے ہمیں کوئی نہیں پوچھ سکتا، ایسا نہیں ہے accountable ہونا چاہیے، checks ہونا چاہیے۔

جناب چیئرمین! عوام ایک check ہیں۔ عوام کا شعور ایک check ہے۔ عوام کو irrelevant کرنا، کمزور کرنا، ان کی social power کو تباہ برباد کرنا اور اس طرح کی ترامیم سے پاکستان کی national power کو ختم کرنا یہ بہت خطرناک ہے۔ اگر پاکستان کے عوام irrelevant ہوگئے لا تعلق ہو گئے پاکستان کے مسائل سے پاکستان کی اسمبلی سے ہمارے پاس عوام کی طاقت نہ ہوئی ہمیں تو اُٹھا کر جب چاہیں گے باہر پھینک دیا جائے گا۔ اس لیے ضروری ہے کہ ہم وہ کام کریں (عربی) اللہ کو حاضر و ناظر جان کر کہ اللہ کی حاکمیت آرٹیکل 1- کے مطابق ہمیں اس میں نظر آئے۔

ہم ایسا کام کریں جن سے پاکستان کے عوام جو ہمارے ولی نعمت ہیں جن کی وجہ سے یہاں پر پارلیمنٹ میں لوگ آتے ہیں، حکومت میں آتے ہیں ولی نعمت ہیں۔ وہ ننگے، بھوکے جن کے پاؤں میں جوتے نہیں ہوتے وہ جن کے کپڑے پھٹے پرانے ہوتے ہیں۔ جن کے پاس کھانے کے لیے کچھ بھی نہیں ہوتا ان کے بارے میں ہم سوچتے ہی نہیں ہیں۔ ہم کہاں ہیں؟ ہم کہاں پر ہیں ان کی economical situation درست کرنے کے لیے؟ وہ جو ہمیں ووٹ دیتے ہیں، وہ جو پاکستان کے ساتھ کھڑے ہوتے ہیں، اتنی تباہی، بربادی کے باوجود، بھوک، افلاس، مشکلات اور بدامنی کے باوجود بھوکے سوتے ہیں۔ وہ جو اینٹوں کے بھٹوں پر کام کرتے ہیں۔ وہ جو ہاری ہیں، وہ جو غریب ہیں

کبھی ہم نے ان کے بارے میں سوچا ہے؟ ہمارے پاس تو بجلی کا بل دس لاکھ کا آ جائے تو ہمیں کوئی پرواہ نہیں ہوتی لیکن وہ جس کے پاس پانچ ہزار روپے کا بل آ جائے وہ ادا نہیں کر سکتا۔ قبلہ! اگر ہم عوام کو empower کرتے، عوام کی ہمدردی ہماری آئینی ترامیم میں نظر آتی، تو عوام ہمارے ساتھ آتے۔ یہ آئین کو اپنے سروں پر اُٹھا کر رکھتے۔ لیکن اگر ایسا آئین منظور کر لیا جائے گا، تو لوگ اسے اُٹھا کر باہر پھینک دیں گے۔ کوئی اس پر یقین نہیں کرے گا اور بالآخر پاکستان کا نقصان ہو گا۔

جناب چیئرمین! میں اس وطن کا بیٹا ہوں۔ میں آپ کی توجہ چاہتا ہوں۔ جس دن پاکستان ٹوٹا تھا، میرا والد اکتالیس سال کا تھا۔ وہ BBC پر خبریں سن رہے تھے۔ میں اُن کے پاس تھا، چھوٹا سا بچہ۔ وہ خبریں سن رہے تھے، اٹھتے بیٹھتے، اوہ ہو، اوہ ہو کہہ رہے تھے۔ انہیں دل کا دورہ پڑا، وہی اُن کی death ہو گئی۔ میں اُس دن یتیم ہوا تھا، جس دن پاکستان ٹوٹا تھا۔ اب ہم مزید پاکستان کو ٹوٹنے نہیں دیں گے۔ اس طرح کی آئینی ترامیم جب آئین کو irrelevant کر دیں گے تو پاکستان کو جوڑنے والی کون سی چیز بچے گی؟ جب طاقتور طبقہ، طالع آزما جب چاہے گولیاں ماریں۔ مریدکے کے اندر گولیاں ماریں۔ اسلام آباد میں ڈی چوک کے سامنے 26 نومبر کو گولیاں ماریں collateral damage ہو، لوگوں کے بچے ماریں، کوئی چیک کرنے والا نہ ہو، کوئی جواب دہی نہ ہو، یہی تو کسی قاتل سے پوچھنا چاہیے۔ اگر President کسی بے گناہ کو قتل کر دے تو کیا اس سے پوچھا نہیں جائے گا؟ ضرور پوچھا جائے گا۔ ہر آدمی جواب دہ ہے، چاہے وہ Army Chief ہو، چاہے وہ Naval Chief ہو، چاہے وہ جج ہو، چاہے وہ Air Force کا Chief ہو چاہے کوئی بھی ہو ہر کوئی جواب دہ ہے accountable ہونا چاہیے۔ ہمیں ایسا نہیں ہونا چاہیے کہ ایک طاقتور کو راضی کرنے کے لیے ہم اپنا سب کچھ تباہ و برباد کر دیں۔ پاکستان کے عوام دیکھ رہے ہیں، دنیا ہمیں اور اس پارلیمنٹ کو دیکھ رہی ہے، یہ وہ پارلیمنٹ ہے جس نے 1973 کا آئین pass کیا تھا، یہ وہ جگہ ہے، خدا بھی ہمیں دیکھ رہا ہے، ہم اس کے مسافر بیٹھے ہوئے ہیں (عربی)، خدا، اس کے ملائکہ اور عوام ہمیں دیکھ رہے ہیں، ہم جو کر رہے ہیں، یہ طاقتور کے سامنے ان آئینی ترامیم کی شکل میں جو رقص ہو رہا ہے ہم اسے مسترد کرتے ہیں۔

اگر آپ اس طرح سے کریں گے یہ قابل قبول نہیں ہے، کوئی اسے نہیں مانتا اور کوئی نہیں مانے گا۔ اس لیے ضروری ہے کہ اس طرح کی آئینی ترامیم سے اجتناب کیا جائے اور عوام کو اور ہم

سب کو on board لیا جائے اور پاکستان کے اندر طاقتوروں کو control میں رکھنے کے لیے سخت checks بنائے جائیں۔ ایسے checks ہوں کہ ان سے کوئی طاقتور فرار نہ ہو سکے، جسے ہم powerful کہتے ہیں اسے انسان ہونا چاہیے، اس کا اعلیٰ اخلاق ہونا چاہیے۔ باہر پولیس والا کسی آدمی کو پکڑتا ہے وہ اسے ہلکا پکڑے، زور سے نہ پکڑے، تھپڑ مارنا اس پولیس والے کا حق نہیں ہے، گریبان سے پکڑ کر گھسیٹنا اس کا حق نہیں ہے، یہ انسانیت کی توہین ہے، لہٰذا طاقتوروں پر checks ہونے چاہییں۔ ایک SHO پر check نہ ہو وہ کس طرح فرعون بن جاتا ہے، ہمیں آئینی ترامیم کے ذریعے چھوٹے بڑے فرعون نہیں بنانے ہیں، فرعون، نمرود اور شداد نہیں بنانے چاہییں۔ اس لیے ہمیں کوشش کرنی چاہیے کہ ہم balanced ہوں، متوازن ہوں جس سے آئین کی حرمت میں اضافہ ہو، عوام کی حمایت بڑھے، ہماری عزت و آبرو بڑھے، پارلیمنٹیرین کی عزت بڑھے، ایسا نہ ہو کہ یہ سب خاک میں ملتی رہے۔

اس لیے قبلہ! ہم ان کو نہیں مانتے، اس طرح کے طریقہ کار کو نہیں مانتے۔ یہ آپ ابھی، اس وقت ہمیں دے رہے ہیں۔ کیا ایسے کوئی آئینی ترامیم ہوتی ہیں؟ یہ لو، اسے پڑھو اور کمیٹی کے اندر جاؤ۔ قبلہ! اس کے لیے وقت چاہیے۔ جیسے آپ کے بڑوں نے اٹھارھویں آئینی ترمیم pass کی، جیسے انہوں نے آئین pass کیا، وہی practice ہونی چاہیے، اس کے بارے میں کوئی اختلاف نہیں ہونا چاہیے۔ آپ اس کا result بنائیں اور بسم اللہ اسے لے کر آئیں، اس لیے ضروری ہے کہ ہم ان چیزوں سے بچیں۔ ایمل ولی کو بھی اس حوالے سے positive ہونا چاہیے، ہماری باتیں کسی کے خلاف نہیں ہیں۔ ان شاء اللہ آپ کے ساتھ بیٹھیں گے۔

جناب چیئرمین! میں آخری بار کہتا ہوں کہ آپ اس ایوان کے custodian ہیں، خدا کے لیے دیکھیں کہ کتنی طاقت کا misuse ہو رہا ہے۔ جس نے سب سے زیادہ ووٹ لیے وہ جیل میں بیٹھا ہے۔ خدا گواہ ہے کہ اگر یہ نواز شریف صاحب کے ساتھ ہوتا تو میں ان کے حق میں بولتا۔ مظلوم کے حق میں بولتا۔ ظلم ہو رہا ہے جس نے سب سے زیادہ ووٹ لیے، لہٰذا اگر آپ کے ساتھ ہوتا، میں آپ کے بڑوں کا معتقد ہوں، انہوں نے جواں مردوں، بہادروں اور شیروں کی طرح سے حق کا ساتھ دیا ہے اور آپ سے بھی مجھے وہی توقع ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ کسی پر بھی ظلم ہو جائے ہم اس کا ساتھ دیں گے۔ یہاں اسحاق ڈار صاحب بیٹھے ہیں کوئی بیٹھا ہے۔ آپ کو بھی اگر کوئی اٹھائے گا یا ظلم

کرے گا تو آپ کا ساتھ دیں گے۔ عمران خان مظلوم ہے، اس پر بے انتہا پرچے اور FIRs کاٹی گئی ہیں، ہے کوئی طاقتور ان سے پوچھنے والا کہ کیوں ان سے ملاقات نہیں ہو سکتی ہے۔ ہر جیل میں قیدی کے کچھ حقوق ہوتے ہیں، حق دار کو اس کا حق نہ دینا ظلم ہے۔ خدا نے حق دیا ہے، اللہ نے، آئین اور قانون نے حق دیا ہے اس پر کیوں عمل نہیں ہوتا ہے۔ ایسے ہی جعلی FIRs کاٹ دی ہیں، کسی سے کوئی پوچھنے والا ہے۔ یہ عدلیہ اپنا وقار کھو چکی ہے، آپ نے جو چھبیس آئینی ترامیم کیں تو اس کے بعد کچھ بھی نہیں رہا، کاش کے لوگوں کو بٹھایا جاتا، اس طرح سے، ایک، دو، تین آپ bundle کی شکل میں ترامیم کر رہے ہیں، ابھی کہہ رہے ہیں کہ اٹھائیسویں ترمیم بھی آنے والی ہے۔ یہاں کوئی accountable ہے۔ غزہ کے لیے آپ فوج بھیج رہے ہیں، میں نے ٹی وی پر سنا ہے۔ وہاں ایک وزیر کہہ رہے تھے کہ ہم حماس سے اسلحہ واپس لیں گے، وہاں پر حماس کی ایک legitimate resistance ہے، اپنی مادر وطن پر قبضہ کرنے والوں سے لڑ رہی ہے، وہ ان کا قانونی اور آئینی حق ہے، United Nations اس کی اجازت دیتی ہے۔ آپ یہی کچھ کشمیر میں بھی کریں گے؟ کشمیر کے لوگوں کا حق ہے کہ وہ قابض لوگوں سے لڑیں۔ ہر وہ طریقہ کار جس کا United Nations and Security Council نے اجازت دی ہے وہ کریں۔ اسرائیل جو کام نہیں کر سکتا، آپ وہ کام کریں گے۔ خدا نہ کرے کہ یہ خبر صحیح ہو، یہ جھوٹ ہونا چاہیے۔ یہ پاکستان کے عوام کے خلاف ہے، قائدِ اعظم کے نظریہ اور علامہ اقبال کے فرامین کے خلاف ہے اور پاکستان کے غیرت مند مسلمان کبھی یہ برداشت نہیں کریں گے۔ آپ اپنے آپ کو accountable سمجھتے ہیں۔

Prime Minister کو اور سب کو پارلیمنٹ میں آنا چاہیے۔ آپ جو معاہدے کر رہے ہیں، جو باتیں اور گفتگو کر رہے ہیں، اسے یہاں پر بتائیں۔ یہ پارلیمنٹ کس لیے ہے، یہ عوام کے لیے ہے، آپ کے لیے ہے، یہ آپ کو طاقت دے گی جب آپ پارلیمنٹ کو طاقتور بنائیں گے، حکومت طاقتور ہو جائے گی، سارے لوگ طاقتور ہو جائیں گے۔ ہمیں پتا ہی نہیں ہے کہ کیا ہو رہا ہے۔ آپ معاہدے کرتے ہیں، پتا ہی نہیں ہے، یہاں بتاتے ہی نہیں ہیں، کیا شرائط ہیں، کیسے ہو گا، کیسے نہیں ہو گا، کیا پاکستان میں کوئی بادشاہت ہے۔ اگر یہ جمہوری پاکستان ہے، ہر ایک accountable ہے اور پارلیمنٹ طاقت کا سرچشمہ ہے، ہر کسی کو اس کے آگے جواب دہ ہونا پڑے گا۔ پارلیمنٹ سے اجازت لینی پڑے گی اگر اجازت نہیں لیں گے، جو کریں گے تو عوام ان کے ساتھ نہیں ہے اور آپ خود جواب دہ

ہوں گے۔ تمام کے تمام اس کے جو بھی consequences اور نتائج ہوں گے، پاکستان کی یہ پارلیمنٹ پہلے فارم 47 سے بے وقار ہوئی ہے اور اب پھر اسے بے وقار کیا جارہا ہے، خدا کے لیے اس کو بچائیں۔

یہ پاکستان یہیں سے طاقتور ہو گا، یہیں اس پارلیمنٹ سے آگے بڑھے گا، پارلیمنٹیرین اسے آگے بڑھائیں گے لیکن کس صورت میں، جب آپ اپنے خدا کو حاضر و ناظر جانتے ہوئے اپنے آپ کو accountable سمجھیں۔ میں رائے دے رہا ہوں، میں اپنے آپ کو accountable تسلیم کرتا ہوں، روایت ہے اور حدیث ہے (عربی) اگر میری رائے دینے سے کوئی طاقتور ہو رہا ہے اور جرم انجام دیتا ہے تو میں خدا کی بارگاہ میں جواب دہ ہوں، امید ہے کہ عقل prevail کرے گی اور اس طرح کی ترامیم جو راتوں رات آتی ہیں، اچانک لائی جاتی ہیں، جو چودہ کے بعد پندرہ بھی ہو سکتی ہیں، پندرہ کے بعد بیس بھی ہو سکتی ہیں، تئیس بھی ہو سکتی ہیں اور ستائیس بھی ہو سکتی ہیں، یکم دسمبر نہیں ہو سکتا۔ عجیب ایمر جنسی نافذ ہو گئی ہے۔ خدا کے لیے ہمیں ان چیزوں سے بچائیں۔ شکریہ۔

جناب چیئر مین: شکریہ۔ سینیٹر ایمل ولی خان۔

سینیٹر ایمل ولی خان: شکریہ، جناب چیئر مین! اپنی بات شروع کرنے سے پہلے میں گزارش کروں گا کہ ہمارے ایک سابقہ سینیٹر لال محمد خان صاحب، جو پاکستان پیپلز پارٹی سے تعلق رکھتے تھے، وہ آج وفات پا گئے ہیں، آج ساڑھے چار بجے ان کا جنازہ ہے تو اگر آپ کی اجازت ہو تو مولانا صاحب سے گزارش کرتے ہیں کہ ان کے لیے فاتحہ خوانی کروادیں۔

جناب چیئر مین: جی مولانا صاحب، فاتحہ کروادیں۔

## Fateha

(اس موقع پر ایوان میں فاتحہ پڑھی گئی)

## Senator Aimal Wali Khan

جناب چیئر مین: جی سینیٹر ایمل ولی خان۔

سینیٹر ایمل ولی خان: شروع اللہ کے نام سے، جو رحمٰن اور رحیم ہے۔ شکریہ، جناب چیئر مین! اس تاریخی موقع پر ہمیں اپنی رائے دینے کا موقع دیا۔ یہاں مختلف باتیں ہوئیں۔ میں تو سمجھتا ہوں کہ یہ ادارے، قومی اسمبلی اور سینیٹ کے ادارے بنے ہی اس لیے ہیں کہ لوگ یہاں آ کر

آئین اور قانون پر بات کریں، آئین اور قانون میں پاکستان کے عوام کے لیے جو بہتری آسکتی ہے وہ اس کردار کو نہ دیکھیں کہ وہ اپوزیشن میں ہیں یا حکومت میں ہیں، بلکہ جمہوریت کو اپنی نظر میں رکھتے ہوئے عوام کے لیے بات کی جائے تو بہت بہتر ہے۔

میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ کوئی بات نہیں ہوئی کہ قانون جلدی میں لا رہے ہیں یا دیر سے لا رہے ہیں۔ یہ حکومت کا prerogative ہے اور وہ جب بھی سمجھتی ہے کہ پاکستان کے عوام کی بہتری کے لیے ضروری ہے، ظاہر سی بات ہے کہ وہ بہتری کی کوشش کرتے ہیں اگر وہ بہتری کے لیے ہو، وہ چاہیں اور کوشش کریں کہ کوئی نیا قانون آئے یا آئین میں کوئی تبدیلی آئے تو میرے خیال میں ہم سب کو، ہم اپوزیشن کو بھی اس میں بیٹھ کر، ہم یہاں آئے ہی اس لیے ہیں کہ اس قانون سازی کے عمل میں حصہ لیں اور اپنی رائے کا احترام رکھتے ہوئے پاکستان کی عوام کو بہتر سے بہتر قانون دیں۔

جناب چیئرمین! ادھر نیتوں میں مسئلہ ہوا ہے اور ہم نے دیکھا ہے کہ کچھ لوگوں کی نیت میں یہ ہے کہ وہ نہ قوم کی فکر کرتے ہیں، نہ ریاست کی فکر کرتے ہیں بلکہ ان کا انتھک مقصد ایک ہی ہے کہ ایک چور کو کیسے رہا کیا جائے۔ ہم نے دیکھا 26ویں آئینی ترمیم میں یہ ہمارے ساتھ بیٹھے تھے، ہم اس کمیٹی میں موجود تھے، اعظم نذیر صاحب بھی تھے، میری بہن شیری بھی اس کمیٹی میں تھیں اور ہم نے دیکھا کہ ہم نے مل کر تمام تر لوگوں نے 26ویں آئینی ترمیم جس پر سب نے اتفاق کیا۔ وہ نکات نکال کر ہم نے جب اسمبلی میں پیش کیے تو وہ نکات وہ تھے جن کے اس کمیٹی میں PTI نے حمایت کی تھی لیکن کمیٹی میں حمایت کرنے کے باوجود جب floor of the house پر آیا تو پھر یہاں مخالفت کی یا اس وقت علی ظفر بھائی تو موجود تھے، جو پارلیمنٹری اپوزیشن لیڈر تھے، اس دن تو وہ بھی absent تھے۔

میں یہ سمجھتا ہوں اور میرا یہ وعدہ بھی ہے آپ سب سے، اپنی قوم سے، ادھر جو باتیں ہوئیں۔ خدانخواستہ ایسا کوئی قانون نہیں آئے گا جس سے جمہوریت کمزور ہو گی، ایسا کوئی قانون نہیں آئے گا جس سے صوبوں کا اختیار کمزور ہوگا اور ایسا کوئی قانون نہیں آئے گا جس سے عوام کی بے توقیری ہو گی۔ اب اگر ہم نے ایسی ہر چیز کی مخالفت کرنی ہے تو وہ تو ہر کسی کی اپنی choice ہے۔ ہاں یہ

بھی قد غن نہیں ہے کہ ایک آئینی ترمیم کو متفقہ طور پہ کامیاب ہونا چاہیے۔اس کے لیے آئین میں لکھا ہی یہی ہے کہ جہاں majority آ گئی، وہاں آئین pass ہو گیا۔

جس طرح آپ سب نے درخواست کی being an opposition member, sitting on the opposition benches. ایک اپوزیشن ممبر ہونے کے ناتے بھی میں PTI سے request کروں گا کہ آپ آئیں، آپ اس کمیٹی میں بیٹھیں، اور اس کمیٹی میں آپ الحمدللہ ایک بڑے باپ کے بیٹے ہیں، اس کمیٹی میں بیٹھ کر آپ اپنی رائے دیں۔آپ کی رائے کا احترام بھی ہوگا اور ان شاءاللہ میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ اس حکومت کو، ان سب کو ہم آپ کے ساتھ مل کر ایک متفقہ plan of action پر لے کر آئیں گے۔ لیکن I request you کہ اس کا حصہ بنیں۔ ایک دن، دو دن، تین دن قانون pass کرنے کے لیے کوئی time frame نہیں ہے۔ ہاں بحث ہو رہی ہے۔ جناب چیئرمین! آپ کا شکریہ آج بھی اور کل بھی، آپ Sunday کو بھی اجلاس بلا رہے ہیں اور سنا ہے کہ اس پر بحث کو جاری رکھیں گے۔

میری حکومت سے گزارش ہو گی کہ یہ جو دو تین گزارشات ہیں ہم ان کو کھل کر support کرتے ہیں۔ بلدیاتی نظام میرے خیال میں حکومت نام ہی بلدیات کا ہے بلکہ اس کو صرف protection نہ دیں، ایک قدم آگے بڑھیں۔ اس پورے ملک کو ایک بہترین بلدیاتی نظام دیں، جس کو empower کریں۔ ان لوگوں کو آپ وہ جگہ دیں جہاں پر ان کو exposure ملے اور اس exposure کے تلے وہ اپنی خدمات پیش کریں۔ بلوچستان کے لیے کوئی نیا formula طے کریں۔ صرف population کے formula سے بلوچستان کی جو حلقہ بندیاں ہیں وہ impossible ہیں۔ ایک ایک قومی اسمبلی کے حلقے کے نیچے تین تین چار چار districts آ رہے ہیں۔ وہ ناممکن سیاست ہے لہٰذا میں چاہوں گا کہ حکومت اس کے لیے کوئی formula لائے جو population کے ساتھ ساتھ علاقے کو دیکھ کر یا اس طرح کچھ دیکھ کر کرے۔

جناب چیئرمین! میری آخری گزارش ہے کہ it is high time نیک نیتوں کی بات ہے۔ ہم اگر پختونخوا نام مانگ رہے ہیں تو ہمیں یہ نام دے دیں۔ خیبر ایک district کا نام ہے۔ یہ ایسے ہے کہ ہم پنجاب کو ساہیوال پنجاب بولنا شروع کر دیں، یا ایسے ہے کہ ہم سندھ کو سکھر سندھ

بولنا شروع کر دیں، یا ایسے ہے کہ ہم بلوچستان کو بولان بلوچستان بولنا شروع کر دیں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ خیبر ایک district ہے،ایک pass ہے۔اس کو میرے خیال میں نیک نیتی سے کام لینا چاہیے اور میں سمجھتا ہوں کہ تمام تر جو میرے colleagues ہیں ہر نظریے کے، وہ ہمیں ان باتوں میں support کریں گے۔ جوarticles ہمارے سامنے آئے ہیں ان شاءاللہ ان پر مزید بحث بھی ہو گی۔ جتنی بحث ہوئی ہے، میں government کو یہ یقین دلاتا ہوں کہ ہماری رائے کا احترام جہاں بھی کیا جائے گا، ہم ان شاءاللہ چٹان کی طرح ادھر کھڑے رہیں گے۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: آپ نے تقریر کرنی ہے؟ جی کریں بات۔

**Senator Zeeshan Khan Zada**

سینیٹر ذیشان خانزادہ: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ آج جو bill پیش ہوا ہے، اس پر تو جس طرح ہمارے leader of opposition sorry Parliamentary party leaderنے کہا، اس پر تو آگے بات ہو گی۔ میں خصوصی طور پر صرف آپ کی توجہ دلانا چاہوں گا ایک issue کے اوپر کہ آپ سے chamber میں بھی اس پر بات ہوئی ہے جو ہمارے opposition leaderکی notification ہے۔ اس کے حوالے سے اور اس کے علاوہ جو ہمارےsenior membersاب elect ہو کر آئے ہیں۔ جناب چیئرمین! ان کو بہت پیچھے کی seats دی گئی ہیں اور یہ ہمارے بہت senior leadersہیں۔ ہمارے سواتی صاحب آپ کہہ لیں، وہ اتنے پرانےparliamentarian ہیں اور ہمارے بڑےsenior پارٹی لیڈر ہیں۔ قادری صاحب ہمارے بڑے پرانےparliamentarian ہیں آپ یقین کریں کہ وہ میرے بھی پیچھے بیٹھتے ہیں مجھے برا لگتا ہے کہ میں ان کے آگے بیٹھا ہوتا ہوں۔

جناب چیئرمین: آپseat exchange کر لیں۔

سینیٹر ذیشان خانزادہ: جناب چیئرمین! اگر آپ order کریں گے تو کیوں نہیں، میں صرف یہ چاہ رہا تھا کہ یہ بات کروں۔

جناب چیئرمین: میں آپ کو تھوڑا سا بتا دوں secretariatکے معاملات جو ہیں، وہ ادھر discuss نہیں ہو سکتے۔ آپ میرے پاسofficeآ جائیں بیٹھ کر بات کریں گے۔

سینیٹر ذیشان خانزادہ: جناب چیئرمین! آپ سے بس یہ ایک گزارش تھی۔

جناب چیئرمین: کامران مرتضیٰ صاحب۔ اپنی seat پر چلیں۔ میں مولانا عطاالرحمٰن صاحب کو وقت دینا چاہ رہا تھا وہ کھانا کھانے گئے ہیں۔

**Senator Kamran Murtaza**

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جناب چیئرمین! تارڑ صاحب میرے بھائی ہیں، دوست ہیں۔

جناب چیئرمین: ہر کوئی یہ ہی کہتا ہے کہ میرے بھائی ہیں اور پھر بات الٹ کر جاتے ہیں۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: بھائی کے ساتھ جو ہے وہ کہہ رہے تھے کہ آج ایک تاریخی دن ہے، تاریخی دن کا تعین شاید آج کی تاریخ میں نہیں ہو سکتا۔ ویسے تو تاریخی دن جو ہیں وہ دو طرح کے ہوتے ہیں، اس کو positive میں بھی تاریخی دن کہہ سکتے ہیں اور negative میں بھی کہہ سکتے ہیں۔ اور ایسے دن بھی تاریخی ہوتے ہیں جن کو ہمیں یاد کرتے ہوئے بھی دکھ اور تکلیف ہوتی ہے تو میرا خیال ہے کہ آج کا دن بھی اسی طرح کا تاریخی دن ہے، جس کو یاد کرتے ہوئے دکھ اور تکلیف ہوا کرے گی۔ اس کے اوپر input دیں گے پارلیمانی کمیٹی میں یا Standing Committee میں جو بھی اس میں ہو گا۔ پارٹی سے instructions لے کر مگر میں آج دو تین چیزیں record پر رکھنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین! امریکہ کی تین سو سالہ تاریخ میں شاید 25 Amendments آئی ہیں اور ہماری 13 مہینے کی تاریخ میں یہ دوسری amendment ہو گی۔ آج ہم 27th Amendment پر کھڑے ہیں۔ جب 26th Amendment یہاں پر لائی گئی تھی، 26th Amendment سے میرے بہت سے دوست اتفاق نہیں کرتے، علی ہے میرا بھائی اور یہ اور ان کی پارٹی وہ اتفاق نہیں کرتی۔ 26th Amendment کا جو proposed draft تھا اس کے 56 clauses تھے اور ہم نے اس پر بات کر کے اگست کے آخر میں یا ستمبر کے شروع میں یہ معاملہ شروع ہوا تھا۔ جس دن اس کو lay ہونا تھا مگر جب lay ہوئی ہے تو پھر اس کے بعد lay نہیں ہوئی اور اس کے بعد جو معاملہ ہے وہ چلتا رہا۔ جناب چیئرمین! جو چیز آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں کہ 26 ویں ترمیم میں گو کہ میں یہ دعویٰ کرتا ہوں کہ اس میں PTI بھی ہر طرح سے ہمارے ساتھ on board تھی مگر وہ نہیں مانتے۔ بالکل نہ مانے مگر کم از کم پاکستان پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) یہ ہر طرح سے ہم شریک رہے اور اس شرکت کے بعد اس کو refine کر کے ہمارے خیال میں ممکن

ہے کہ اس سے بھی بہت ساتھیوں کو اتفاق نہ ہو مگر ہم نے refine کرکے اس کو 26ویں ترمیم کی شکل میں دستور کا حصہ بنایا۔

جناب چیئرمین! آج صرف 13 مہینے کے اندر ہم اس کو ریورس کرنے جارہے ہیں۔ جن چیزوں کو ہم ریورس کر رہے ہیں اس میں کم از کم اگر پی ٹی آئی اپنے ساتھ اس پوسٹ میں شرکت کو تسلیم نہیں بھی کرتی وہ ان کی مرضی ہے مگر تین لوگ جو ہیں، پاکستان پیپلز پارٹی، پاکستان مسلم لیگ (ن) اور جمعیت علمائے اسلام پاکستان یہ اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ 26ویں ترمیم کے ذریعے جو کچھ ہوا تھا اس میں ہم سارے شریک کار تھے اور یہ کسی dialogue کے نتیجے میں ہوا تھا۔ تو کیا یہ dialogue کے نتیجے میں جو کچھ ہوا تھا کیا اس کو ہم اس 27ویں ترمیم کے ذریعے ہم اس کو ریورس کرنا چاہ رہے ہیں۔ یقیناً اس کو ریورس کیا جا رہا ہے۔ تو اس dialogue کے نتیجے میں جو commitment ہم سمجھ رہے تھے یا اس جو سیاسی شرافت کا ہم نے مظاہرہ کیا تھا اس سیاسی شرافت کا آج کیا نتیجہ نکلا ہے کہ جیسے ہی آپ کے نمبرز بڑھے ہیں اور وہ نمبرز بھی ایک disputed طریقہ کار کے نتیجے میں بڑھے ہیں۔ اس کے نتیجے میں آپ نے نمبر بڑھا کر اور اس کے بعد ہم جس نتیجے پر پانچ یا چھ ہفتے کے dialogue کے نتیجے میں پہنچے تھے اس کو آپ نے آج ایک گھنٹہ پہلے جب یہ lay کیا ہے، اس کو ریورس کر دیا ہے اور اس کے بعد آپ اگلے دو دن میں اس کو اسی majority کے بل پر جو کہ ایک disputed طریقے سے آئی ہے اس کو ریورس کرنا چاہ رہے ہیں یا اس کو ریورس کرنے جارہے ہیں تو ہم جو کہ اس 26ویں ترمیم کو own کرتے تھے۔ JUI Pakistan جو اس 26 ویں ترمیم کو own کرتی تھی۔ ہم آج کہاں کھڑے ہیں مجھے اپنے مقام کی سمجھ نہیں آ رہی۔ مجھے اس مقام کی سمجھ نہیں آ رہی کہ جس سیاسی شرافت کا مظاہرہ ہماری طرف سے یا آپ سب کی طرف سے کیا گیا تھا اس کا کیا بنا اور اس کا نتیجہ کیا نکلا کہ the movement آپ کے نمبرز بڑھے تو آپ اس کو آج ریورس کرنے کی طرف چلے گئے ہیں۔ میرا خیال ہے کہ اس سے زیادہ تکلیف دہ بات کسی سیاسی معاملات میں نہیں ہو سکتی۔ اس سے زیادہ خراب بات جو کہ ہم نے اتنی جدوجہد کے بعد ایک نتیجے پہ پہنچائی تھی آج نہیں ہو سکتی۔ کیا اس کے بعد جو کچھ آج جے یو آئی پاکستان کے ساتھ کیا گیا ہے۔ کیا اس کے بعد جے یو آئی پاکستان اس 26 ویں ترمیم کو own کرے گی؟ یہ ایک ایسا سوال ہے جس کو میری پارٹی نے answer کرنا ہے کہ ہمارے ساتھ جو اس طرح سے سیاسی دھوکہ کیا

گیا۔ اس کو کیا own کیا جائے گا کہ اس میں ہمارے ساتھ 26ویں ترمیم میں پانچ ہفتے تک بلاول صاحب بھی بیٹھے رہے۔ تارڑ صاحب بھی بیٹھے رہے اور یہاں تک میاں صاحبان بھی اس میں بیٹھے رہے اور اس کے بعد 26ویں ترمیم کی شکل میں نتیجہ نکلا۔ یہاں تک کہ پی ٹی آئی کی اکثر دوست بیٹھے رہے۔ اس 26ویں ترمیم کا جو نتیجہ نکلا اس کو آج ریورس کیا گیا اور ٹھیک ہے آج کر لیجیے مگر اس کے ساتھ legitimacy کبھی بھی attach نہیں ہو گی۔ اس کے بعد آج کے بعد جو ہمارے ساتھ 26ویں ترمیم میں کیا گیا اس کے بعد کیا کوئی آپ کے لیے آپ کے ساتھ 27 ویں ترمیم کے حوالے سے کوئی اعتماد کر سکتا ہے۔ واوڈا صاحب موجود نہیں ہے۔ واوڈا صاحب نے کہا کہ اس کے بعد اٹھائیسویں ترمیم آئے گی۔ اللہ کرے گا کہ آپ کی majority مزید بڑھ جائے گی۔ اسی طرح کی جو آپ نے amendments لائیں۔ جس طرح آپ عدلیہ میں introduce کروا رہے ہیں لگتا ہے کہ اس کے بعد ہم میں سے کوئی ایوان میں نہیں ہو گا مگر اس کے بعد اس کو بھی ریورس کیا جائے گا اور ریورس کر کے آپ اس حد تک لے جائیں گے جس میں 1973 کا آئین جس کا آپ اور آپ کی پارٹی credit لیا کرتی تھی شاید وہ credit آپ کے پاس نہیں رہے گا۔ میں پاکستان پیپلز پارٹی کو اس بات کی مبارک باد دیتا ہوں کہ وہ credit جو 1973 کے آئین کی شکل میں وہ لیا کرتی تھی وہ credit اس کا نہیں ہے۔ میں اپنے لیے اپنے آپ کو یہ کہتا ہوں کہ 26ویں ترمیم کے نتیجے میں جو credit ہم لیا کرتے تھے وہ آج باقی نہیں رہا۔ اس کے بعد آپ کی مرضی ہے آپ اس majority کے بنیاد پر جو majority کسی اور طرح سے حاصل کی گئی۔ جس طرح سے مرضی ہو آئین کا حلیہ بگاڑیئے۔ یہ آئین نسلوں کے لیے ہوتے ہیں۔ یہ لوگوں کے لیے نہیں ہوتے۔ یہ شخصیات کے لیے نہیں ہوتے۔ آپ نے اس دستور کو شخصیات کے لیے بنا لیا ہے۔ آپ اس کو جس طرح سے مرضی لے کر چلیئے مگر آج کا یہ تاریخی دن negative حوالے سے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ آپ کا بہت شکریہ۔

Mr. Chairman: Before I give the floor to Senator Sherry Rehman Sahiba. I want to make an announcement. The Senate will be in session tomorrow as well, and the debate on the Constitution, 27th Amendment Bill 2025, will continue. No business will be

taken up tomorrow other than debate on the bill. The members are requested to present their amendments, if any, for consideration for the Joint Committee. Yes, Senator Sherry Rehman Sahiba.

**Senator Sherry Rehman**

سینیٹر شیری رحمان: شکریہ، جناب چیئرمین! آپ نے time بھی دیا اور آج بہت ساری باتیں ہوئی ہیں جس کا ہم عزت سے مطالعہ بھی کر رہے ہیں۔ سب کی بات سن بھی رہے ہیں اور بغیر کسی اشتعال کے یا مشتعل ہوئے یا کوئی بدزبانی کئے میں معذرت کے ساتھ اپنے فاضل ساتھیوں کو جو تقاریر کر رہے ہیں خاص طور سے اور ہمیں یاد دلا رہے ہیں پاکستان پیپلز پارٹی کا روشن جو ماضی ہے اس کے بارے میں۔۔۔۔

جناب چیئرمین: آپ غصے میں نہ آئیں۔

سینیٹر شیری رحمان: نہیں غصے میں تو نہیں ہوں۔ آپ کو میری شکل سے پتا چل جاتا ہے جب میں غصے میں ہوں گی۔ نہیں، غصے کا دن ہی نہیں ہے کیونکہ خاص طور سے ہمارے لئے یہ consensus کا دن ہے اور پاکستان پیپلز پارٹی کے حوالے سے میں یہ کہوں گی کہ ذرا سا پیچھے ہٹ کے مطالعہ کر لیں شاید کچھ کمی بیشی آپ کی نظر میں بھی رہ گئی ہو گی۔ میں آپ کو بڑے معذرت سے کہہ رہی ہوں کہ پیپلز پارٹی نے 1973 کے آئین پر کوئی قدغن نہیں آنے دی۔ اپنی قیمت ادا کی ہے چاہے اسے سیاسی کہہ لیں، چاہے اسے جیلوں میں رہنے کا کہہ لیں، چاہے آپ کوئی بھی قربانی کہہ لیں لیکن پاکستان پیپلز پارٹی نے بڑے فخر سے اپنا علم اور تشخص برقرار رکھا ہے۔ جو یہ Bill آپ کے سامنے آیا ہے وہ جیسے چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی نے پرسوں بھی کراچی میں Central Executive Committee کے پہلے اور اس کے بعد بھی دو مرتبہ کہا کہ ہم واضح طور پر کہہ رہے ہیں کہ دیکھیں آئینی ترامیم ان ایوانوں کا جمہوری حق ہوتا ہے۔ جمہوریت ہمارے لیے اور ہمیشہ ہر ایوان کے لیے خاص طور سے وہ ایوان جو سارے اکائیوں کی ذمہ داری لیتا ہے، ان کے حقوق کا ضامن ہوتا ہے یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم سب کے حقوق کا ضامن ہیں اور حالات کی ترقی کو دیکھتے ہوئے ملک میں حالات کو پھر بھی جو آپ کے pressures ہیں، میں جو financial pressures ہیں میں اس کی ضرور بات کر سکتی ہوں لیکن ہم نے کیونکہ طویل اس پر نہ مشاورت کی، دیکھیں یہ

صوبوں کے حقوق ہیں۔ تو اگر آپ نے ہم سے کہا ہے کہ ہم نے 1973 آئین کو جو شہید ذوالفقار علی بھٹو نے اپنا لہو دے کر برقرار رکھا اور consensus سے create کیا تو اس میں طرہ امتیاز تو پھر بھی اس میں پیپلز پارٹی کو آتا ہے اور ابھی آج کے دن کی بات کریں۔ آپ اٹھارھویں ترمیم کے بہت سارے ہمارے دوست فاضل ممبران ان debates میں ایک سال تک ملوث تھے۔ جناب چیئرمین! آپ اس وقت Prime Minister تھے۔اس میں ہر پارٹی کی شمولیت تھی۔ سب اس میں بیٹھے تھے۔ کوئی نوے سے زیادہ میٹنگ ہوئی ہیں۔آئین کا ڈھانچا آپ واپس وہی لائے جہاں 1973 سے کڑی ٹوٹی تھی اور آمر نے توڑی تھی۔ وہ پاکستان پیپلز پارٹی ہی کی حکومت لے کے آئی۔ اگر آپ کہتے ہیں کہ NFC Award پاکستان پیپلز پارٹی لے کر آئی جس میں صوبوں کو حقوق مل گئے۔Taxation کے کچھ ملے۔ تو واپس اگر لینا چاہتے ہیں۔ آپ کا خیال ہے ہم سے بات نہیں کی گئی تھی۔ پیپلز پارٹی کھڑی رہی، ابھی بھی کھڑی ہے۔ آپ نے اس وقت کہا ہے کہ reversal ہو رہا ہے، آپ آئین کا اس Bill کا مطالعہ کر لیجیے، میں آپ کو challenge کرتی ہوں کہ 18th Amendment and Constitution of 1973 کا کہاں سے reversal ہو رہا ہے؟ اس کا تو تحفظ ہو رہا ہے اور اس کا میں credit دوں گی، ہم سب کو، حکومت نے ہمارا ساتھ دیا لیکن کا پہلا مطالبہ یہی تھا کہ آپ صوبوں کے taxation and divisible pool میں لچک دکھائیں کیونکہ Federation کے پاس اس وقت پیسے کم ہوتے جا رہے ہیں، Federation پر pressures بہت ہیں، وہ ہم جانتے ہیں .pressures ہم آپ کو fiscal pressures کم کرنے کی بہت ساری تجاویز دے سکتے ہیں، میں آپ کو بغیر کسی سے check کیے بتا سکتی ہوں، بجٹ کی بات ہو رہی تھی، اصل issue پاکستان کے وسائل کا ہے، ان کی تقسیم کا ہے اور ان پر taxation کا حق کون رکھتا ہے، ان کی نمائندگی کون کرتا ہے؟ یہ بنیادی عمرانی معاہدہ تھا جو پیپلز پارٹی نے تب بھی برقرار رکھا، بحال کیا اپنا لہو دے کر، سولی پر چڑھ کر اور پھر قائم ہیں۔

جناب چیئرمین! اس میں ہماری طرف سے fundamentalism نہیں ہے، یہ ہمارا بنیادی ایک belief ہے، یہ تشخص ہے پیپلز پارٹی کا کہ ہم peoples' representation کو بہت اہم سمجھتے ہیں، ہماری وجہ سے یہاں کھلی debate ہو رہی ہے۔ حکومت سے ہم نے التجا کی کہ لمبی debate چلائیں، کہیں ایسا نہ لگے اور ان کی شاید intention بھی نہیں تھی کہ کہیں ایسا

نہ لگے کہ ہم بیٹھ کر چار لوگ ایک کمرے میں کچھ طے کر لیں۔ یہ پارلیمان rubberstamp نہیں ہے۔ 26th Amendment پر تو ہم نے طویل discussion کی، ہماری کوشش تھی کہ یہ Senate سے شروع ہو، Senate کی Committees lead کریں، اس میں چاروں صوبوں کی پوری نمایاں نمائندگی ہوتی ہے اور پھر National Assembly کا بھی چیئرمین صاحب نے آج announce کیا کہ وہ بھی join کریں۔ اس میں یہ بھی دعوت دی گئی اور بار بار دی گئی کہ Opposition جمہوریت کا اور ایوانوں کا حسن ہے، وہ حصہ لیں۔ وہ ہم سے سبق سیکھیں، ہم سے سبق سیکھیں پیپلز پارٹی سے جہاں محترمہ شہید نے ایک election boycott کیا تھا اور آپ کو یاد ہوگا چیئرمین صاحب انہوں نے public میں بار بار کہا ہمیں سبق ملا کہ ایوانوں کا اور نمائندگی کا forum آپ نہیں چھوڑتے، آپ اسے جتنا بھی ناجائز سمجھیں، آپ کی پہنچ ایوان تک ہوتی ہے اور آپ کی ذمہ داری ایوان میں ہونا ہوتی ہے۔ ہم نے 1985 کے الیکشن کا بائیکاٹ کیا، اس کی ہم نے بہت قیمت ادا کی اور محترمہ بے نظیر بھٹو کو اللہ جنت نصیب کرے، انہوں نے بارہا کہا کہ ہم پھر کبھی یہ غلطی نہیں کریں گے، انہوں نے میرے سامنے ایک دوسری جماعت کو بھی advice کیا جو بائیکاٹ کا کہہ رہے تھے۔ انہیں کہا کہ آپ ایسا نہ کریں، آپ ہمارے مخالف ضرور ہوں لیکن الیکشن کا بائیکاٹ نہ کریں، ایوانوں میں جتنی جمہوری آوازیں، representation ہو گی، اسی طرح جمہوریت جیسی بھی ہے، جب بھی ٹوٹتی ہے تو اسے جوڑنے میں بڑا وقت لگتا ہے۔ ہم جوڑ رہے ہیں، یہاں کسی چیز کا reversal نہیں ہو رہا۔ میرے فاضل دوست یہاں کسی چیز کا reversal نہیں ہو رہا۔

جہاں تک Charter of Democracy کی بات ہے، یہ بھی ہمارا مسلم لیگ (ن) کے ساتھ ایک معاہدہ تھا اور جناب چیئرمین! آپ کو یاد ہو گا کہ اس میں constitutional court پہلے نمبر پر تھی۔ وہ ہمارا وعدہ ہے اور ہمیں وہ پورا کرنے کا حق ہے، آپ کو اس میں کچھ اضافہ کرنا ہے، آپ کمیٹی میں بیٹھیں، آپ آگے آئیں اور کہیں کہ ہمیں یہ چاہیے، ہمیں وہ چاہیے، ہم کیوں نہیں سنیں گے، آپ کی باتوں کو کیوں نہیں آگے لے کر جائیں گے۔ کمیٹیوں کا اور اپوزیشن کا حسن یہی ہوتا ہے۔ ہم تو چاہتے تھے کہ بیرسٹر صاحب کمیٹی میں آئیں، ان کی دانش سے ہم مستفید

ہوں اور اب بھی ہم کہیں گے کمیٹی کی میٹنگ شروع ہو چکی ہے۔ میں محاذ آرائی کا ماحول نہیں چاہتی، میں پھر کہوں گی کہ آپ جائیں اور ایوانوں میں بیٹھیں۔

Mr. Chairman: This is not a normal Committee, this is an important Committee.

سینیٹر شیری رحمان: جناب والا! یہ important Committee ہے۔ یہ تو Law Committee ہے۔

جناب چیئرمین: دیکھیں Law and Justice Committee تو already exist کرتی ہے. and Senate is the symbol of Federation. ہم نے سپیکر قومی اسمبلی کو بھی کہا ہے کہ آپ بھی اس کمیٹی میں آجائیں اور jointly meeting کریں۔

(مداخلت)

سینیٹر شیری رحمان: آپ میری تقریر میں نہ کہیں۔ جناب والا! آپ انہیں فوراً وہاں بھیجیں۔

جناب چیئرمین: آپ وہاں جائیں۔

سینیٹر شیری رحمان: میرے بھائی! announce کیا گیا ہے، notice آیا ہے کہ Law Committee کے ممبران Committee Room میں پہنچ جائیں۔ آپ Committee Room No. 5 میں پہنچیں اور اپنی گزارشات وہاں پہنچائیں۔

جناب چیئرمین: آپ کمیٹی میں تشریف لے جائیں۔

سینیٹر شیری رحمان: آپ جائیں، آپ کا حق ہے، آپ کی ذمہ داری ہے، میں بھی وہاں جاؤں گی، میں ممبر نہیں ہوں لیکن I will go and observe. جناب والا! میں گزارش کر رہی تھی کہ کسی چیز کا reversal نہیں ہو رہا، کھلی debate ہو رہی ہے، یہاں بھی ہو گی اور قومی اسمبلی میں بھی تین دن کی debate ہو گی۔ یہاں زیادہ ہوتی لیکن ہماری Inter-Parliamentary Speaker's Conference ہو رہی ہے، چیئرمین صاحب پاکستان کے لیے بہت بڑا اعزاز لے کر آئے ہیں۔ سوموار کے بعد یہ دونوں ایوان اس میں مصروف ہوں گے۔ آپ مجھے بتائیں کہ یہاں reversal کہاں سے ہو رہا ہے؟ میں NFC Award پر بات کرنا چاہتی ہوں، ہم سے کہا گیا کہ Federation میں پیسے کم ہیں، O.K, Federation,

Pakistan ہے تو ہم ہیں، ظاہر ہے ہم کیوں نہیں بیٹھ کر دیکھیں گے کہ ہم کس طرح contribute کر سکتے ہیں کہ debt میں اتنے پیسے جا رہے ہیں۔ دفاعی اخراجات بڑھتے جا رہے ہیں کیونکہ بھارت روزانہ آپ کو میلی آنکھ سے دیکھتا ہے، شاید اب وہ اس میں اضافہ بھی کرے، کبھی پانی کو weaponize کرتا ہے، کبھی اپنے میزائلوں کو، کبھی اپنی زبان کو اور کبھی اپنے fundamentalism کو۔ میں آپ کو بتاتی ہوں کہ آپ کا Federal Budget ساڑھے سترہ کھرب کا بجٹ ہوتا ہے، اس میں آپ کے expenditure ختم نہیں ہو رہے تو آپ state-owned enterprises کو دیکھ لیں، وہاں بھی اخراجات ہو رہے ہیں۔ Federal Budget کا ایک تہائی یہ SOEs کا bleeding ہے، hemorrhaging ہے، you are spending 5.8 trillion hemorrhage on SOEs. SOEs بھی اونے پونے dissolve نہیں کی جاتیں، ایک طریقہ کار ہوتا ہے، ہمیں بتا دیں، ہم کرتے ہیں، کس طرح لوگوں کو private sector میں نوکریاں دلوانی ہیں، انہیں کس طرح soft lending دینی ہے۔ آپ نے ہم سے کہا کہ Utility Stores بند نہیں ہو رہے، وہ بند ہو گئے، لوگ سڑکوں پر آ گئے، بغیر کسی notice, بغیر کسی compensation کے، ہمیں غریب کا سوچنا پڑے گا۔ اس وقت ملک کے جو inflationary حالات ہیں، آپ جتنا بھی قابو پا لیں، اس وقت دنیا میں جو development چل رہی ہے، غریب لوگوں کے لیے، سب سے زیادہ متوسط طبقے کے لیے بھی، سفید پوش بھی اس وقت pressure میں ہیں۔ آپ کے آئے روز climate disaster ہوتا ہے، ماحولیات کی وجہ سے آپ اپنی economic standing regain ہی نہیں کر سکتے۔ ابھی ہمیں کہا کہ 565 billion dollar پاکستان کو چاہییں 2030 تک اپنی energy transition, اپنی sustainability کے لیے، World Bank نے آپ کا تھوڑا کم تخمینہ لگایا ہے جو 348 billion dollar ہے۔ اب 2030 نکڑ پر ہے، پانچ سال بعد ہے۔ آپ مجھے بتائیں کہ یہ سارا پیسا کہاں سے آئے گا، اس پر سوچ بچار کریں، بجائے ہم ایک دوسرے کی کٹوتیاں کریں، ہم مل بیٹھ کر Federation کو viable بنانے کا سوچ سکتے ہیں۔

جناب والا! جہاں تک اور clauses ہیں، Election Commission کے حوالے سے بھی آیا تھا کہ اس کی stalemate ہو سکتی ہوں، ہم نے کہا کہ we have not been able to talk enough, اس کی تقرری کے لیے اور ان ساری چیزوں کے لیے ہمارے پاس best تجویز نہیں آئی ہے۔ جتنی آوازیں ہوں، جتنی آوازیں اپوزیشن کی ہوں، جمہوریت کے لیے اتنا بہتر ہوگا۔ ہم کیا کریں، جب بھی کوئی بات کی جاتی ہے اجتماعی دانش ہمیشہ ایک، دو یا تین لوگوں سے تو بہتر ہوتی ہے۔ للذا، پیپلز پارٹی تو سننے کے لیے تیار ہے اور ہماری وجہ سے بہت سارے reversals روکے گئے۔ مجھے افسوس ہے کہ کچھ دوست یہ سمجھ رہے ہیں، شاید ان کے پاس information نہ ہو، خیر وہ اب کمیٹی میں چلے گئے ہیں، شاید اس کا بھی نہیں پتا تھا، Houses کو اپنی ذمہ داری پوری کرنی ہوتی ہے۔ یہ بھی یاد رکھنا ہوتا ہے کہ جمہوریت ایک سفر ہے، کوئی آج کے دن پورا نہیں ہوتا اور کل کے دن ختم نہیں ہوتا۔ ایسا بھی ہے۔ آپ نے اور ہم نے اپنی political زندگی میں اتنے سفر دیکھے ہیں۔۔۔۔

جناب چیئرمین: شیری! وہ suffer انگریزی میں بھی اور اردو میں بھی سفر۔

سینیٹر شیری رحمان: جی، بالکل صحیح۔ یہ سب ہمارے سامنے ہوتا رہا ہے لیکن ہم پیچھے نہیں ہٹتے۔ دیکھیے آپ ایوانوں میں بیٹھے ہیں، آپ ہر چیز سے مستفید بھی ہو رہے ہیں تو اس کو اپنی contribution دیں۔ جمہوریت کو اپنی contribution دیں۔ آپ کے ساتھ اگر زیادتی ہوئی ہے، اس کو آپ سامنے ضرور لائیں، آپ کا بولنے کا حق ہے لیکن جو زیادتیاں آپ نے کی ہیں، اس کی بات اس وقت نہیں ہو رہی۔ I don't think پیپلز پارٹی سے آگے کسی کے ساتھ کبھی زیادتی ہوئی ہے۔ آپ خود پانچ سال صرف jobs دینے کی وجہ سے رہے، زرداری صاحب بارہ سال گزار کر آئے ہیں۔ کسی کے ساتھ وہ زیادتیاں نہیں ہوئیں جو پیپلز پارٹی کے ساتھ ہوئیں لیکن ہم کبھی پیچھے نہیں ہٹے۔ ہم نے ایوان نہیں چھوڑے، کمیٹیاں نہیں چھوڑیں، اپنا کام خندہ پیشانی سے کرتے رہے اور ہر دور میں جمہوریت کے لیے سامنے کھڑے رہے ہیں، مشکل دور میں بھی جبکہ آسان دور تو کبھی بھی نہیں تھا۔ میں چند الفاظ میں یہ کہنا چاہتی ہوں، ہم بعد میں بھی اس پر بات کر سکتے ہیں but nothing is being reversed. یہ ہمارا COD کا وعدہ تھا اور پیپلز پارٹی کھڑی رہی ہے کہ COD سامنے ہو۔

حکومت سے میری آخری گزارش ہوگی کہ COD کی دوسری شقیں بھی implement کر دیں۔ بہت بہت شکریہ۔

(ڈیسک بجائے گئے)

جناب چیئرمین: فیصل جاوید صاحب۔

**Senator Faisal Javed**

سینیٹر فیصل جاوید: بہت بہت شکریہ، آپ نے مجھے finally موقع دیا۔ چیئرمین صاحب! سب سے پہلے یہ ترمیم، وہ ترمیم، پھر ترمیم، پھر ترمیم، یہ ترمیم کرتا کون ہے؟ اس کا حق کس کو حاصل ہے؟ ہمارے پارلیمانی نظام میں یہ حق عوام کو حاصل ہے۔ عوام اپنا حق کیسے exercise کرتے ہیں؟ الیکشن کے ذریعے۔ الیکشن میں یہ طے پاتا ہے کہ عوام کی نمائندہ جماعت یا عوام کے منتخب کردہ نمائندے ہی قانون سازی کریں گے یا ترامیم کریں گے کیونکہ وہ عوام کو directly represent کر رہے ہوتے ہیں۔ یہ جو پارلیمان ہے، چاہے قومی اسمبلی ہو، صوبائی اسمبلیاں ہوں، ہمارا یہ سینیٹ کا فورم ہو، ہم نے پہلے تو یہ دیکھنا ہے کہ کیا یہ حقیقی طور پر عوام کی نمائندہ پارلیمنٹ ہے یا نہیں۔ اب یہ کیسے دیکھنا ہے؟ اس کا ایک ہی طریقہ ہے، آپ نے الیکشن کو دیکھنا ہے۔ صرف الیکشن میں جمہوریت نہیں ہوتی، صاف اور شفاف الیکشن میں جمہوریت ہوتی ہے۔

سال 2024 میں الیکشن ہوتا ہے، اس سے پہلے اس میں اتنی تاخیر کی جاتی ہے کہ پہلے خیبر پختونخوا اور پنجاب میں جو الیکشن 90 دنوں میں ہونا تھا، وہ وہاں پر نہیں ہوتا۔ اس کو ایک سال تک delay کیا جاتا ہے۔ یہ جو جنرل الیکشن ہونا تھا، یہ بھی اپنے وقت پر نہیں ہوا۔ عوام کا پہلا حق تو آپ نے یہاں مار دیا کہ آپ نے الیکشن ہی late کروائے۔ پھر جب الیکشن ہوتا ہے تو اس سے ایک دن پہلے ایک پارٹی کا انتخابی نشان ہی چھین لیا جاتا ہے۔ یہ پارٹی کا right نہیں چھینا جاتا، یہ ہمارے جیسے ملکوں میں عوام کا right چھینا جاتا ہے۔ یا تو امریکہ ہو جہاں literacy rate بہتر ہوتا ہے، وہاں نام دیکھتے ہیں Robin Jackson وغیرہ، ان کو پتا ہوتا ہے، یہاں لوگ انتخابی نشان کو ذہن میں اور اپنے تصور میں رکھتے ہیں کیونکہ literacy rate کم ہے، اس لیے یہ ووٹر کی منشا کے اظہار کے لیے، اس کو facilitate کیا جاتا ہے کہ وہ جس کو ووٹ دینا چاہتا ہے، اس کا symbol یا کوئی نشان ذہن نشین کر لے۔ وہ نشان جب چھین لیا گیا اور کوئی universal نشان نہیں رہا تو مختلف

نشانات دیے گئے اور ہمارے امیدواروں کو آزاد کر دیا گیا لیکن اس کے باوجود یہ پاکستان کی تاریخ کا پہلا الیکشن تھا جہاں پر امیدوار نے ووٹر کو نہیں ڈھونڈا بلکہ ووٹر نے امیدوار کو ڈھونڈا کہ کس پر عمران خان نے ہاتھ رکھا ہے اور کس کو ٹکٹ دیا ہے۔ اس کا جو بھی انتخابی نشان ہے، میں ڈھونڈ کر اس کو ووٹ دوں گا۔ اس سے زیادہ عوام اپنی منشا کا اظہار کر ہی نہیں سکتے جو اس بار ہوا ہے۔ It was unprecedented in the history کہ بلّا بند، لیڈرشپ بند، campaign بند، candidate بند لیکن قوم کا جذبہ بلند۔ انہوں نے ڈھونڈ ڈھونڈ کر ووٹ دیا ہے۔ اس سے زیادہ عوام کی نمائندگی کرنے اور ان کے right کو exercise کرنے کی کیا manifestation ہو سکتی ہے، کس طرح وہ عکاسی کر سکتے ہیں؟ عوام نے اس طریقے سے 2024 کے الیکشن میں کرکے دکھایا کہ پہلی بار اس طرح سے ہوا لیکن پھر جب ایسا ہو گیا کہ عوام نے بتا دیا، ایک بیلٹ پیپر مجھے ملتا ہے جس پر مختلف نام لکھے ہوتے ہیں، پوچھا جاتا ہے کہ آپ کس کو ووٹ دیں گے۔ لوگ ووٹ تو دے دیتے ہیں لیکن ان کو شمار نہیں کیا جاتا۔ اس کے بعد ایک نئی چیز فارم 47 آ جاتا ہے۔ بات یہاں رکتی نہیں ہے، پھر reserved seats بھی لے لی جاتی ہیں۔ عمران خان کی پارٹی کی پہلے تو 2/3rd majority ختم کر دی، پھر ان کی reserved seats دوسری جماعتوں کو دے دیں۔ اس حد تک عوام کی choice کو بار بار روندا گیا اور روکا گیا۔ اس کے بعد تو الیکشن کا مقصد ہی ختم ہو جاتا ہے۔ یہیں پر الیکشن کا مقصد ختم ہو جاتا ہے۔

پہلا سوال کہ جو بھی ترمیم آ رہی ہے، پہلی چیز تو یہ ہے کہ کیا یہ عوام کی نمائندہ پارلیمنٹ کر رہی ہے؟ میں نے آپ کو بتا دیا ہے کہ کیسی نمائندگی ہے۔ لوگوں کے ووٹوں سے تو یہ آئے نہیں ہیں تو یہ کوئی بھی ترمیم کیسے کر سکتے ہیں چاہے وہ چھبیسویں ہو، ستائیسویں، اٹھائیسویں، انتیسویں یا تیسویں جو بھی ہو، وہ کیسے کر سکتے ہیں؟ پھر جس لیڈر کو پوری قوم نے elect کیا کہ آج 8 نومبر ہے، کل 9 نومبر شاعرِ مشرق، ہمارے قومی شاعر علامہ اقبال کا یوم پیدائش ہے اور جو ہمیں ہمارے قائدِ اعظم محمد علی جناح اور علامہ اقبال نے جس قسم کا پاکستان چاہا تھا، کیا آج ہم اس پاکستان میں ہیں؟ علامہ اقبال نے خودی کا فلسفہ دیا تھا:

دیارِ عشق میں اپنا مقام پیدا کر
نیا زمانہ، نئے صبح و شام پیدا کر

میرا طریق امیری نہیں، فقیری ہے
خودی نہ بیچ غریبی میں نام پیدا کر

وہ خود داری، وہ self esteem کہاں گئی؟ جب تک ہم عوام کو یہ طاقت نہیں دیں گے، کبھی بھی ملک ترقی نہیں کر سکتا، چاہے ہم کچھ بھی کر لیں۔ وہ عوام جن کو ہر پانچ سال کے بعد، کبھی چھ سال کے بعد، بہت کم اس کو موقع ملتا ہے کہ وہ بیلٹ کا رخ کرے اور اپنی منشا کا اظہار کرے۔ ایک تو ہمارے ملک میں اس کو مواقع کم ملے لیکن جب ملتے ہیں تو اس کی مرضی کو مانا نہیں جاتا تو کیسے عوام کی نمائندگی ہو سکتی ہے؟ کیسے کوئی ترمیم ہو سکتی ہے جس میں عوام کی منشا شامل نہ ہو؟ پہلے سوال کا جواب تو مل ہی گیا کہ اس وقت عوام کی نمائندہ جماعتیں نہیں ہیں، یہ (ن) لیگ اور پیپلز پارٹی اور دیگر جماعتیں، یہ خود بتا سکتے ہیں کہ انہوں نے الیکشن نہیں جیتا۔ یہ خود بتاتے بھی ہیں کہ انہوں نے الیکشن نہیں جیتا، لہٰذا، عوام کی نمائندگی تو یہ نہیں کر رہے۔ پھر وہ لیڈر جس کو پوری قوم نے مینڈیٹ دیا، وہ اس وقت پابند سلاسل ہے، ان کی اہلیہ جن کا سیاست سے کوئی تعلق ہی نہیں، وہ پابند سلاسل ہیں اور انہیں دو سال سے زیادہ کا عرصہ ہو گیا ہے۔ عمران خان صاحب کے بنیادی حقوق ہیں جو جیل مینول کے مطابق ہیں، نہ ان سے ملاقاتیں کروائی جاتی ہیں اور نہ ان سے ان کے بچوں کی بات کرائی جاتی ہے۔ ہمارے قومی لیڈر، نیشنل ہیرو اور national icon جس نے پوری زندگی ہر میدان میں پاکستان کے پرچم کو سربلند رکھا ہے، ان کے ساتھ کیا ہو رہا ہے۔ ہمارا جائز حق انصاف ہے۔ انصاف کے لیے ہم دروازہ کھٹکھٹاتے ہیں کہ ایک اپیل جو جنوری میں القادر کیس میں بشریٰ بی بی اور عمران خان صاحب کی سزاؤں کے خلاف دائر ہوئی، ابھی تک اس کی سنوائی نہیں ہو رہی ہے۔ ہم تو کہتے ہیں کہ سنیں تو صحیح۔ جو بھی فیصلہ کرنا ہے لیکن سنیں تو صحیح تو یہ وہ بنیادی حقوق ہیں۔ اچھا عوام کی آواز ایک طرف ہے اور ان کے bulldoze کرنے کا طریقہ کار دوسری طرف ہے۔ جب تک عوام اور حکومت میں یہ trust deficit رہے گا اور جو کہ آج بہت بڑھ گیا ہے، عوام کا ان پر عدم اعتماد ہے، اس سے کبھی بھی پاکستان آگے جا ہی نہیں سکتا۔ ہم یہاں کیوں آتے ہیں؟ ہم عوام کے لیے آتے ہیں۔ ہم عوام کی بہتری کی باتیں کریں۔ عوام کی جو بنیادی چیزیں ہیں، ہم انہیں تو پورا کریں۔ سب سے پہلی چیز انصاف ہے۔ آج جو اسیران ہیں جیسے عمران خان، بشریٰ بی بی، یاسمین راشد صاحبہ، مخدوم شاہ محمود قریشی، ہمارے colleague Senator اعجاز چوہدری صاحب، میاں محمود الرشید،

عمر سرفراز چیمہ اور دیگر تمام لوگ اور کئی اور خواتین ہیں جو ناحق قید میں ہیں، بہت سے اور لوگ جو نامی گرامی نہیں ہیں جیسے کارکنان ہیں، عام لوگ ہیں جنہوں نے کوئی قصور نہیں کیا توان کو جیلوں میں ڈالا ہوا ہے۔ پہلی چیز عوام کیا چاہے گی کہ کیا ہو؟ انصاف ہو۔ ہر قسم کا انصاف apply ہو جاتا ہے چاہے وہ معاشی انصاف یا دیگر سارے انصاف تو starting point یہ ہے کہ ہم جتنا بھی یہاں آکے بیٹھیں، جتنا بھی یہ کاغذوں کا ڈھیر لگا دیں لیکن تب تک آگے نہیں جائیں گے جب تک حکومت اور عوام کے بیچ میں trust deficit ختم نہیں ہوگا اور کوئی اور deficit ختم ہو ہی نہیں سکتا چاہے وہ trade deficit ہو یا fiscal deficit.

جناب! میں economy پر زیادہ detail میں نہیں جانا چاہتا لیکن آج مہنگائی کا وہ عالم ہے کہ اس وقت عام آدمی کا گزارا ہی نہیں ہو رہا لیکن اس پر کوئی بات ہی نہیں کرتا۔آج وہ مائک لے کر عوام میں جاتے نہیں ہیں۔ دکھائیں کہ لوگوں کو ٹماٹر اور سبزی کس طرح مل رہی ہے؟ بچوں کی فیسیں اور دیگر چیزیں ہیں، اس پر کوئی بات ہی نہیں کرتا۔ ہم تو یہاں آتے ہی عوام کے لیے ہیں۔ اس پر بات کرنی چاہیے۔ ہم انصاف سے بہت دور آگئے ہیں۔ اللہ ہمیں قرآن میں حکم دیتا ہے کہ عدل اور انصاف قائم کرو لیکن ہم بہت دور جا رہے ہیں۔ ہم یہ کوئی نہیں کہتے کہ عمران خان نے کوئی ڈیل کرنی ہے یا کوئی اور بات ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ انصاف ہو۔ جس تحریک کو انہوں نے 1996 میں شروع کیا، اس کا نام ہی رکھا تحریکِ انصاف یعنی انصاف کی تحریک۔ کیوں بڑھتا ہے یہ deficit? پہلے تو آپ زور زبردستی آئے۔ آپ نے دھاندلی کی اور فارم 47 پر آئے۔ آپ تو عوام کی نمائندگی نہیں کرتے پھر آپ نے یہ deficit مزید اتنا بڑھا دیا ہے کہ آج میں چیلنج کرتا ہوں کہ یہ میرے ساتھ باہر جائیں بازاروں میں اور لوگوں سے پوچھیں تو سہی کہ لوگ ان کے بارے میں کہتے کیا ہیں۔ یہ ایوانوں میں بیٹھے ہیں اور ان کو سننا ہی نہیں ہے نہ ان کے لیے کوئی کام کرنا ہے۔ جس قدر ممکن ہو، ہمیں ہر فورم پر عوام کو priority پر رکھنا چاہیے۔ تمام تر قانون سازی ملک کے لیے ہوتی ہے، ملک کی بہتری کے لیے ہوتی ہے اور عوام کے لیے ہوتی ہے کہ ملک آگے جائے۔انہیں تین سال ہو گئے ہیں۔ یہ مختلف ناموں سے حکومت میں آ رہے ہیں۔ کبھی PDM تو کبھی کیا۔ مجھے یہ بتائیں کہ تین سال سے زیادہ عرصہ ہو گیا ہے، انہوں نے ابھی تک عوام کے لیے کیا کیا ہے؟ کوئی ایک بتا دیں۔ مہنگائی میں کمی آئی ہے، کوئی پٹرول میں کمی آئی ہے۔ ڈیزل اور پٹرول کی قیمتیں اوپر جا چکی ہیں۔ ڈالر

کی قیمت بڑھ گئی ہے۔ ہر لحاظ سے مہنگائی بڑھ گئی ہے۔ جب عمران خان صاحب وزیراعظم پاکستان تھے، اس وقت ہمارا GDP 6 per cent پر تھا۔ آج کہاں پر ہے؟ آج دو فیصد سے بھی نیچے ہے۔ ہمارے GDP میں کہاں growth ہو رہی ہے؟

جناب! ہمارے تین sectors, industry, agriculture and IT میں اس وقت phenomenal growth ہو رہی تھی، آج وہ کہاں ہیں؟ ہم نیچے کھڑے ہیں۔ ہماری remittances جو 19 ارب ڈالر سے بڑھ کے 31 ارب ڈالر کو ایک دم پہنچ گئی تھیں، اب وہ سست روی کا شکار ہیں۔ اس کی ایک ہی وجہ ہے کہ لوگوں کو trust نہیں ہے۔ لوگ ٹیکس تب دیتے ہیں جب وہ trust کرتے ہیں۔ کیا وجہ ہے کہ عمران خان صاحب جنہوں نے شوکت خانم کینسر ہاسپٹل بنایا، وہ پاکستان کا سب سے بڑا خیراتی ادارہ ہے اور عوام سے سب سے زیادہ پیسہ collect کرتا ہے، کیونکہ لوگ عمران خان کو trust کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ ہاں جو پیسے دیں گے، وہ ٹھیک جگہ لگائے گا لیکن لوگ ٹیکس نہیں دیتے۔ سیلاب آیا۔ انہوں نے اس کے لیے اپیل launch کی۔ وہ بھی نہیں چلا کیونکہ لوگ trust ہی نہیں کرتے ہیں۔ یہ اس چیز کو سمجھیں۔ جب تک آپ اس trust deficit کو ختم نہیں کریں گے اور آپ یہ اپنے اقدامات سے کریں گے اور اس کا starting point انصاف ہوگا اور وہ ہر چیز پر apply ہوگا۔ یہاں بہت باتیں ہو رہی ہیں لیکن جب تک ہم fundamentals کو ٹھیک نہیں کریں گے، ہم کبھی بھی اس ملک کو آگے لے کر جا نہیں سکتے۔ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ کا جو حکم ہے کہ عدل قائم کرو۔ جب تک ہم اس راستے پر نہیں جائیں گے، ہم کبھی آگے نہیں جا سکتے چاہے ہم کتنی بھی آئینی ترامیم کر لیں۔ اس لیے ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم انصاف کے راستے پر گامزن ہوں، شکریہ۔

جناب چیئرمین: جی سینیٹر دوست محمد خان۔

**<u>Senator Dost Muhammad Khan</u>**

سینیٹر دوست محمد خان: بہت، بہت شکریہ، جناب چیئرمین! میرا آج ارادہ نہیں تھا کہ تقریر کروں لیکن کیا کروں کہ آپ نے بڑی مدت بعد مجھے بات کرنے کے لیے مائک دیا ہے اور اس پر میں آپ کا بہت شکر گزار ہوں۔ ملک میں سیاست کے نام پر جو کھلواڑ ہو رہا ہے، ملک ہوگا تو سیاست ہوگی۔ ہر محب وطن پاکستانی انتہائی پریشانی کا شکار ہے۔ آپ نے ایک ایسی پارٹی کو ٹارگٹ بنایا ہوا ہے جس کا

عوام میں80 فیصد سے زیادہ مینڈیٹ ہے اوراس کا عملی مظاہرہ آپ 8فروری کو دیکھ چکے ہیں۔ Form 47کے تحت جو bogus حکومت آتی ہے اور اس نے پی ٹی آئی سے جو سیٹیں چھینی ہیں، سب آپ کے سامنے ہے۔ چونکہ میرا تعلق فاٹا سے ہے تو میں فاٹا کی طرف آتا ہوں۔ یہ کچھ سالوں سے جو مذکورہ Articles میں ترمیم لا رہے ہیں ، سب اپنے مقصد کے لیے لا رہے ہیں۔ جب FATA merger ہوا تو 25th آئینی ترمیم میں ہم سے یہ وعدہ کیا گیا کہ این ایف سی سے فاٹا کو تین فیصد دیں گے اور جو existing ADP ہے، وہ بھی دیں گے۔ جب میں سیفران کمیٹی کا ممبر تھا، میں نے وہاں ایک سوال اٹھایا تھا۔ میں نے ان سے پوچھا کہ بتاؤ8 سال میں این ایف سی سے فاٹا کو کتنا پیسا ملا ہے؟ اس کا جو جواب تھا، وہ میں نے عرفان صدیقی صاحب کو بھی دیا تھا کہ 8 سالوں میں 14 کروڑ روپے وصول ہوئے ہیں۔ کہاں 800 ملین روپے اور کہاں 14 کروڑ۔ اس میں سے 32 لاکھ ان کو مل چکے ہیں۔ باقی KP Government کھا گئی ہے۔

جناب ! تحریکِ انصاف اور ہمارے لیڈر عمران خان صاحب، میں خدا کی قسم کھاکے کہتا ہوں کہ میں تین سال پہلے افغانستان گیا تھا۔ جتنی عزت افغانیوں کے دل میں عمران خان کے لیے ہے، اتنا پاکستانیوں کے دل میں بھی نہیں ہے۔ آج حکومت افغانستان کے ساتھ جنگ کی حالت میں ہے۔ ہمیں فوراًہی عمران خان کو رہا کرنا چاہیے تاکہ وہ اس وقت اس بیچ میں پڑیں کیونکہ جنگ شروع ہونے والی ہے بلکہ شروع ہو چکی ہے۔ ہمارے پشتو میں کہتے ہیں کہ گدھا جب گھر سے گم ہو جاتا ہے تو رات کو آنکھیں بند کرلیتا ہے۔ وہ سمجھتا ہے کہ میں کسی کو نہیں دیکھ رہا ہوں تو مجھے بھی کوئی نہیں دیکھ رہا تو ہماری مثال وہ گدھے والی ہے۔ خدا کے واسطے ملک کو دیکھیں۔ ملک تباہ اور برباد ہو رہا ہے۔ مہنگائی کہاں سے کہاں پہنچ گئی ہے۔ لوگ اپنا روزگار ختم کرکے باہر جا رہے ہیں۔ ملک ان ترامیم سے نہیں سنبھالا جائے گا۔اس لیے میری پاکستان کے لیے پرزور اپیل یہ ہے اور چونکہ میں 1946 سے پاکستانی ہوں اور آپ سن 1947 میں پاکستانی بنے ہیں۔1946 میں جب قائدِاعظم ہمارے علاقے میں آئے تھے تو انہوں نے کہا کہ آپ لوگ سب پاکستانی ہو اور آج سے میں اپنی فوج کو withdraw کر رہا ہوں۔ یہ قائدِاعظم کے الفاظ تھے۔آج کیا حال ہے۔آج ڈرون حملے ہو رہے ہیں، میزائیل چل رہے ہیں، زوردار جنگ شروع ہے اور اللہ خیر کرے اگر ہم نے عمران خان کو رہا نہ کیا تو خدا کی قسم کچھ نہیں بچے گا۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر مشال اعظم صاحبہ۔

**Senator Mashal Azam**

سینیٹر مشال اعظم: شکریہ، جناب چیئرمین! میں اپنی بات کا آغاز اس شعر سے کروں گی۔

ظلم پر جو چپ رہا موت تو ٹل جائے گی پر یہی چپ میری نسلوں کو نگل جائے گی

چیئرمین صاحب! اس وقت اس ملک میں جمہور اور آئین اپنی بقا کی جنگ لڑ رہے ہیں۔آج اس ایوان کا اجلاس بلایا گیا۔ اجلاس کے آغاز میں ہمیں یہ گلابی اور پیلے کاغذ دیے گئے۔ کتنا unfortunate ہےاس سے پہلے حکومت کو بھی کوئی پتا نہیں تھا کہ کوئی ترمیم آ رہی ہے۔ تین دن پہلے قوم کو بلاول بھٹو زرداری صاحب کے ٹویٹ سے پتا چلا کہ کوئی ترمیم آ رہی ہے۔ ہم یہاں پر جمہور کی باتیں کرتے ہیں۔ ہم یہاں پر آئین کی باتیں کرتے ہیں۔ ہم یہاں پر عوامی مفادات کی باتیں کرتے ہیں لیکن وہ باتیں صرف باتیں ہیں، عملی مظاہرہ کچھ بھی نہیں ہے۔کتنا unfortunate ہے کہ ایسی بھی کیا ایمرجنسی تھی، ایسی بھی کیا آفت تھی کہ اس ترمیم کو منظور کرنے کے لیے وزیراعظم صاحب کو کابینہ کی میٹنگ zoom پر Chair کرنی پڑی۔ ہم تو معرکہ حق میں الحمدللہ کامیاب ہوئے۔ ملک اس وقت ترقی کی اڑان اڑ رہا ہے۔ معیشت شاید بہت ہی stable ہے تو پھر یہ ایمرجنسی کیوں ہے؟ ایسی کیا ایمرجنسی ہے کہ وزیراعظم صاحب کو zoom پر meeting Chair کرنی پڑی؟ انہوں نے صرف خبر جاری کی کہ جی 27ویں ترمیم منظور ہو گئی ہے۔ اس سے پہلے کسی کے پاس بھی اس ترمیم کا مسودہ نہیں تھا۔ ہم یہاں آئے تو ہمیں بتایا گیا کہ جی یہ ترمیم ہے اور یہی لائی جا رہی ہے۔

جناب! یہاں پر میں نے شیری رحمان صاحبہ سے جمہور کی بالادستی کی بہت باتیں سنیں۔ سننے میں اچھی بھی لگیں لیکن کاش ان پر عملی مظاہرہ ہوتا۔ اس وقت چونکہ ہم کسی بھی قائمہ کمیٹی کا حصہ نہیں ہیں اور نہ ہم بنیں گے۔ وجہ ایک ہے کہ ہم اس ایوان میں عمران خان کے نام اور ان کی ووٹ کی وجہ سے آئے ہیں۔ ہمارے لیڈر کا یہ حکم ہے کہ ہم کسی بھی ایسی قائمہ کمیٹی کا حصہ نہیں بنیں گے جو اس irregular system کو legitimize کر رہا ہے۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ یہ بہت بہترین ترمیم ہے اور اس سے اس ملک کا فائدہ ہوگا، اس ملک کے عوام کا فائدہ ہوگا تو ملائیں ہمیں اپنے لیڈر عمران خان صاحب سے، ہم ان کی directions لیں اور پھر ہم آ کر آپ سے بات کریں گے۔

آپ نے آئینی عدالتوں کی بات کی۔ میں نے جب اس پورے مسودے کو go through کیا تو پتا چلا کہ Constitutional Courts آرہی ہیں۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ جب آپ نے پچھلے سال 26th ترمیم کی تھی، کیا وہ fail ہو گئی ہے؟ کیا اس کے بعد عدالتیں اپنا کام نہیں کر رہی ہیں؟ کیا اس کے بعد آئین کی بالادستی نہیں ہو رہی ہے؟ کیا اس کے بعد قانون کی بالادستی نہیں ہو رہی ہے؟ جناب چیئرمین! بات صاف ہے کہ ترامیم ایک بہانہ ہیں، نشانہ صرف اور صرف عمران خان ہے۔ اگر آپ کی 26th ترمیم بہت شاندار تھی۔ اگر آپ کی 26ویں ترمیم کے بعد عدالتیں سرخرو ہوئی ہیں تو پھر آئینی عدالتوں کی کیا ضرورت ہے؟ آپ اس ملک کے ساتھ کیوں بار بار adventures کر رہے ہیں؟ کیا ترمیم پر ترمیم لانے کے بعد ہم اس ملک کا فائدہ کر رہے ہیں؟ کیا ہم اس ملک کے عوام کا کوئی فائدہ کر رہے ہیں؟

یہاں پر این ایف سی کی بات ہو رہی تھی۔ انہوں نے کہا کہ این ایف سی ایوارڈ پر پیپلز پارٹی کھڑی ہوئی ہے۔ چیئرمین صاحب! کتنا unfortunate ہے کہ پیپلز پارٹی کے ذوالفقار علی بھٹو صاحب کے لہو پر آئین کی بقا ہوئی، آج اس آئین کو ٹکڑے ٹکڑے کرنے میں، آج اس آئین کو mold کرنے میں پیپلز پارٹی اپنا کردار ادا کر رہی ہے۔ کتنا unfortunate ہے، ہم تو اس خوش فہمی میں تھے کہ پیپلز پارٹی، جو کہتی ہے کہ ہم نے ہی یہ آئین بنایا ہے اور ہم ہی اس کے محافظ ہیں۔ ہم تو اس خوش فہمی میں تھے کہ جب ایسی کوئی ترمیم لائی جائے گی تو پیپلز پارٹی frontline پر ہو کر اس کو oppose کرے گی لیکن پیپلز پارٹی ان ترامیم کو لانے میں، ان کو implement کرنے میں اور ان کو legitimize کرنے میں اپنا حصہ ادا کر رہی ہے۔

چیئرمین صاحب! کتنا unfortunate ہے میں یہاں پر عوامی مفادات کی کوئی بات ہی نہیں ہو رہی ہے۔ جس صوبے سے میرا تعلق ہے، وہاں پر اس وقت law and order کی extreme bad situation ہے۔ وہاں پر drone attacks ہو رہے ہیں، mortar گولے گرائے جا رہے ہیں۔ ہماری خواتین ہمارے بچوں کی لاشیں اٹھا کر لوگ سڑکوں پر سراپا احتجاج ہیں۔ ملٹری آپریشن شروع کرنے کی باتیں ہو رہی ہیں۔ باجوڑ میں specific مقامات پر ملٹری آپریشن شروع کرنے کا go through دیا جا چکا ہے۔ اس وقت ہمارے وزیرستان کے ڈی پی او صاحب اپنے پانچ ساتھیوں سمیت شدید زخمی ہیں۔ ہمارے ہنگو میں

ایس پی صاحب شہید ہو چکے ہیں۔ ان حالات میں خیبر پختونخوا میں جاری امن وامان کے حوالے سے کوئی بات ہی نہیں کر رہا۔ پھر جب ہم کہتے ہیں کہ ہمیں بات کرنے کا موقع دیں، ہمیں مذاکرات کرنے کا موقع دیں تو کہا جاتا ہے کہ وہ تو آپ کا domain ہی نہیں ہے، وہ تو وفاق کا domain ہے اور وفاق کو فرصت ہی نہیں ہے کہ وہ اس وقت خیبر پختونخوا کی طرف کوئی دھیان دے، خیبر پختونخوا میں امن وامان کی صورت حال پر کوئی دھیان دے۔ ہم سے input لیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ یہ ملک ترقی کرے۔ ہم چاہتے ہیں کہ اس ملک میں آئین اور قانون کی سربلندی ہو۔ آپ ایک طرف سے ہمیں sideline کر رہے ہیں اور دوسری طرف سے آپ ہمیں کہہ رہے ہیں کہ ہم اس illegitimate system کا حصہ بنیں۔ ہم آپ کی چیزیں legitimize کریں۔ چیئرمین صاحب! یہ تو نہیں ہو سکتا۔ یہ بالکل بھی نہیں ہو سکتا کہ راتوں رات کوئی ترمیم آئے گی اور صبح ہمیں کہا جائے گا کہ آپ اس کو منظور کرائیں۔ جناب! یہ ایوان rubber stamp نہیں ہے۔ اس ایوان کو 25 کروڑ عوام نے اپنا mandate دیا ہوا ہے۔ ہمیں پتا ہے کہ آپ نے عوام کے mandate پر ڈاکہ ڈال کر جو حکومتی اراکین ہیں، وہ ان کرسیوں پر براجمان ہیں لیکن پھر بھی صحیح جمہور کے لیے اپنے حصے کا کردار ادا کریں۔ اپنے آپ کو rubber stamp نہ بنائیں۔ یہ ایوان legislation کا ذمہ دار ہے۔ کیا مجھے کوئی بتا سکتا ہے کہ اس ترمیم کو بنانے میں اس ایوان کا کون سا معزز سینیٹر شامل تھا؟ کیا کوئی ہمیں بتا سکتا ہے، چوہدری صاحب نے اپنا ہاتھ اٹھایا، میں نے screen پر دیکھ لیا ہے، جناب! اتنی unfortunate بات ہے۔ میں politically hit نہیں کرنا چاہتی لیکن آپ ہی کے وزیر مملکت برائے قانون بیرسٹر عقیل صاحب نے live Television پر کہا کہ کوئی ترمیم نہیں آ رہی ہے۔ ہمیں کوئی پتا نہیں ہے۔ تین دن بعد آپ کہتے ہیں کہ جی ترمیم آ گئی ہے۔ تو یہ آپ بھی شرمندہ ہو رہے ہیں جناب۔ ہماری ہمدردیاں آپ کے ساتھ بھی ہیں۔ ہمیں پتا ہے کہ آپ لوگ بھی بہت مشکل میں ہیں۔ آپ لوگوں کے پاس بھی کوئی opportunity, کوئی راستہ نہیں ہے لیکن کہنے کا مطلب یہ ہے کہ ایسی ترامیم، ایسی قانون سازی نہ کریں کہ کل آپ وہ برداشت نہ کر سکیں۔ جناب! ہم نے تو بہت برداشت کر لیا ہے۔ ہم آئندہ بھی برداشت کر لیں گے لیکن خدارا! آپ اپنے آپ پر رحم کریں۔

ایک اور بات ہوئی۔ شیری رحمان صاحبہ نے کہا کہ ہم نے election boycott کیا تھا لیکن ہم نے کبھی Committees boycott نہیں کیں، ہم نے جمہور کو کبھی boycott نہیں کیا، جمہور کا تسلسل ہونا چاہیے۔ جناب! ہم بھی کہتے ہیں کہ جمہور کا تسلسل ہونا چاہیے لیکن کیا آپ ہمیں بتائیں گے کہ آپ کی پارٹی کی شہید بے نظیر صاحبہ، اِس وقت کے صدر پاکستان آصف علی زرداری صاحب، جب جیل میں تھے تو کیا ان کو isolate کیا گیا تھا؟ کیا ان سے لوگ ملنے نہیں جاتے تھے؟ کیا بے نظیر صاحبہ اور آصف زرداری صاحب کی جیل میں ملاقاتیں نہیں ہوتی تھیں؟ ہوتی تھیں، سارا کچھ ہوتا تھا لیکن ہمارے لیڈر عمران خان صاحب اور ان کی اہلیہ کے ساتھ جو ہو رہا ہے seventy six years of history میں یہ کبھی بھی نہیں ہوا۔ ہم بھی کہتے کہ آپ جمہور کے لیے آواز اٹھائیں، آپ جمہور کے لیے کھڑے ہوں، کیونکہ ہم تو پہلے سے ہی اس طرف کھڑے ہیں اور یقیناً بہت جلد آپ لوگ بھی اس طرف کھڑے ہوں گے۔ تو ایسا نہ ہو کہ جو گڑھا آپ ہمارے لیے کھود رہے ہیں، اس میں آپ سب خود گر جائیں۔ تو جمہور کا تسلسل ہونا چاہیے اور جمہور کے تسلسل کے لیے ضروری ہے کہ ہم basic ethics کو support کریں اور اس basic ethics کے لیے ضروری ہے کہ جب بھی کوئی ترمیم لائی جائے تو اس میں at least یہ پارلیمان حصہ ہو، ان کی کوئی input ہو۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ جی آپ ہمیں کاغذ دیں، آپ ہمیں کہیں کہ جی پارلیمانی کمیٹی اس پر بن گئی ہے اور آپ اس میں discuss کریں اور جی Monday کو یہ منظور کروائیں، جناب! یہ نہیں ہو سکتا ہے۔ چاہیے یہ تھا کہ اس ایوان میں یہ legislation ہوتی اور آج بھی میں یہ request کرنا چاہتی ہوں on the record یہ کرنا چاہتی ہوں کہ ہم کسی بھی Parliamentary Committee meeting کا حصہ نہیں بنیں گے۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ ہم اپنی input اس میں دیں، تو اس input کے لیے ضروری ہے کہ ہم اپنے leader جن کے نام، جن کی پہچان اور جن کے vote کی وجہ سے ہم اس ایوان کا حصہ ہیں، ان سے اس پر directions لیں، جن کو اس time solitary confinement میں ڈالا گیا ہے اور اگر آپ چاہتے ہیں کہ پاکستان کی عوام کے فائدے کے لیے کوئی ترامیم ہو تو وہ ضروری ہے کہ اس ایوان کے ذریعے ہو۔ ہمیں کہیں سے کوئی ترمیم نہ دی جائے اور ہمیں rubber stamp نہ بنایا جائے کہ ہم آناً فاناً وہ ترامیم منظور کریں۔

جناب! ایک آخری بات کروں گی وہ ضروری ہے کہ اس ملک میں جمہور اس وقت اپنی بقا کی آخری سانسیں لے رہا ہے۔ ضروری ہے کہ ہم جمہور کو بچائیں، ضروری ہے کہ ہم عوام کے فائدے میں کچھ کریں۔ آج پاکستان بہت تکلیف میں ہے، تکلیف میں اس لیے ہے کہ پاکستان کے دو بڑے صوبوں KP اور بلوچستان میں Law and Order کی situation انتہائی خراب ہے۔ ہمارے border پر ایک جنگ کو روکنے کی کوشش کی گئی تھی، کل رات ہمیں جو خبر ملی کہ Istanbul کے dialogues خدانخواستہ ناکامیاب ہو رہے ہیں۔ ہماری دعا ہے کہ وہ مذاکرات کامیاب ہوں، کیونکہ بات چیت ہی امن کا واحد حل ہے اور ضروری ہے کہ اس وقت اس ملک میں امن آئے اور امن کے لیے ضروری ہے کہ اس ملک میں انصاف ہو۔ جب تک اس ملک میں انصاف نہیں ہوگا اس ملک میں امن نہیں آسکتا، بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: میں آپ کے پاس آرہا ہوں۔ Ok, one minute.

**Senator Syed Masroor Ahsan**

سینیٹر سید مسرور احسن: تاریخ کو اس طرح نہ پیش کریں کہ 76 سال کی تاریخ میں ایسا نہیں ہوا۔ 76 سال کی پاکستان کی تاریخ میں، اس ملک کے وزیرِاعظم کو جب پھانسی پر لٹکا دیا گیا، تو ماں بیٹی کو ان کا چہرہ بھی نہیں دکھایا گیا۔ بے نظیر بھٹو محترمہ اور نصرت بھٹو صاحبہ کو ان کا چہرہ بھی نہیں دکھایا گیا، ان کی نمازِ جنازہ میں کسی کو شرکت بھی نہیں کرنے دی گئی۔ تو اس طرح کی باتیں ہٹانہ کرو کہ جس سے تاریخ کو آپ مسخ کرکے پیش کریں۔ فلک بی بی میں آپ کو بھی جانتا ہوں، آپ بھی اس زمانے میں بیگم نصرت بھٹو کے ساتھ تھیں۔ ہاں تو میں صرف اصلاح کرنے کے لیے بات کر رہا ہوں، بھٹو شہید سے نہ ملاؤ، ایسا نہ کرو۔ ہم سب لوگوں نے کوڑے کھائے ہوئے ہیں، ماریں کھائی ہوئی ہیں، اس ناتواں پیٹھوں نے پندرہ کوڑے کھائے ہیں سرِعام۔ آپ تاریخ کو غلط بیان نہ کریں۔ Please, thank you.

Mr. Chairman: Minister for Parliamentary Affairs.

**Dr. Tariq Fazal Chaudhry (Federal Minister for Parliamentary Affairs)**

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری (وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور): بہت شکریہ جناب چیئرمین، آپ نے مجھے موقع دیا۔ میں بہت مختصر انداز سے، جو Honourable Senator صاحبہ نے گفتگو کی ہے، میں نہ تو اسے respond کرنا چاہتا ہوں اور نہ کوئی تقریر کرنا چاہتا ہوں۔ میں صرف ایک دو clarifications اس مقدس ایوان کے لیے جو کہ Federation کا House ہے عرض کرنا چاہتا ہوں۔ پہلی بات تو میں یہ وضاحت کر دوں جو آخری بات انہوں نے کی ہے کہ ہم دعا گو ہیں کہ استنبول میں جو مذاکرات ہو رہے ہیں پاکستان کے افغانستان کے ساتھ، وہ کامیاب ہوں۔ Government کی طرف سے میں بالکل اس کی تائید کرتا ہوں اور ہماری یہ پوری خواہش ہے۔ تین round پہلے ہوئے جو انیس اٹھارہ، پھر انیس گھنٹے پر مشتمل تھے، اس کے بعد دوبارہ جو round ہوئے وہ آپ کے سامنے ہیں۔ ہم بالکل اس معاملے کو یہ sweeping statement ہے کہ معاملات کو افغانستان کے ساتھ مذاکرات کے ذریعے طے کرنا چاہتے ہیں اور یہ بڑی افسوس ناک بات ہے کہ جب بھی مذاکرات ہوتے ہیں تو افغان گورنمنٹ کے، طالبان regime کے جو نمائندے ہیں وہ زبانی طور پر مانتے ہیں، جب شواہد انہیں دیے جاتے ہیں تو مانتے ہیں کہ ہماری سرزمین میں TTP کے محفوظ ٹھکانے بھی ہیں، تربیت گاہیں بھی ہیں۔ لیکن جب تحریری طور پر ان سے ضمانت مانگی جاتی ہے تو وہ اس پر نہیں آتے، اس لیے اس میں ایک تعطل ہے۔

جناب! دوسرا یہ کہ میں record کی درستی کے لیے ایک بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ میرے ساتھ میرے Senior Minister رانا ثناءاللہ صاحب، ہم نے بڑا مشکل دور دیکھا اور اس سے گزرے، کیا کیا سختیاں ان کے ساتھ ہوئیں تاریخ ہے ایک، رانا مبشر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں۔ اس میں ایک وقت ایسا آتا ہے کہ جب عدالت سے میاں نواز شریف صاحب کو سزا ہوتی ہے اور اس وقت وہ پارٹی کے President بھی ہیں اور Senate کے elections آتے ہیں اور Pakistan Muslim League (N) Senate کے elections میں اپنے candidates کا اعلان کرتی ہے اور میاں نواز شریف صاحب ان کے ticket sign کرتے ہیں تاکہ انہیں Tiger جو کہ شیر symbol ہے مسلم لیگ (ن) کا انہیں مل سکے اور Supreme Court of Pakistan یہ فیصلہ کرتی ہے کہ چونکہ میاں نواز شریف صاحب

سزایافتہ اس وقت تھے، جو بعد میں ان کی سزائیں ختم ہوئیں لہٰذا وہ ticket جاری نہیں کر سکتے۔ ہمارے ان candidates کے tickets واپس ہوتے ہیں، منسوخ ہوتے ہیں اور Supreme Courtکے فیصلے کے تحت وہ تمام candidates Senate Elections میں آزاد امیدوار کی حیثیت سے لڑتے ہیں۔ Chargeکیا تھا کہ چونکہ انہیں سزا ہوئی ہے، وہ ticketجاری نہیں کر سکتے۔ Honourable Chairman Sahib میں نے یہ referenceاس لیے دیا کہ یہاں پر یہ بات تواتر سے کہی جارہی ہے اور اس ایوان کی توہین کی جا رہی ہے کہ یہاں پر Constitutional Amendment ہونے کے لیے ایک سزایافتہ شخص ہی مجاز ہے کہ وہ اجازت دے گا تو Constitutional Amendment ہو گی، اگر وہ اجازت نہیں دے گا تو ان دونوں ایوانوں کو یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ آئین میں ترمیم کر سکیں جو کہ واضح طور پر لکھا ہے کہ دو تہائی اکثریت سے چاہے وہ Senate ہو یا National Assembly of Pakistan ہو وہ ترمیم کا اختیار رکھتے ہیں اور ایک شخص غلط یا سچ یہ آپ نے عدالتوں میں ثابت کرنا ہے، لیکن at the moment انہیں سزا ہوئی ہے، وہ سزایافتہ ہے اور ان کی مرضی سے اگر آپ چاہتے ہیں کہ پاکستان کے آئین میں amendment ہو تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ جمہوریت کے خلاف ہے، یہ اس ایوان کے تقدس کے خلاف ہے، بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر ثمینہ احسان صاحبہ آپ بات کریں گی؟ نہیں۔ سینیٹر فلک ناز صاحبہ، تقریر کریں اور باقی وزیروں کے جواب۔ Madam غلطی ہو گئی کیونکہ آپ نیند میں تھیں میں بھول گیا۔

سینیٹر فلک ناز: میرا micبند ہے۔

جناب چیئرمین: آپ واپس اپنی seatپر جائیں۔

سینیٹر فلک ناز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔Thank you Sirآپ نے مجھے موقع دیا، لیکن اس وقت پر دیا کہ جب سب جا چکے ہیں۔

جناب چیئرمین: نہیں نہیں، کوئی نہیں جارہا۔

**Senator Falak Naz**

سینیٹر فلک ناز: جو ترمیم آ رہی ہے، یہ لوگ لا رہے ہیں، اس کو ہم PTI والے مسترد کرتے ہیں اور یہ جو ترمیم ہے Hanky Panky ترمیم ہے۔ اس سے پہلے جو 26th Amendmentآئی تھی، اس پر انہوں نے implement نہیں کیا، تو اس Hanky Panky amendment کو یہ لوگ کیا implement کریں گے؟ جہاں تک میرے بھائی Chaudhry Sahib کا میں بڑا احترام کرتی ہوں اور یہ کہہ رہے ہیں کہ ایک سزا یافتہ سے پوچھ کر کہ وہ ہمیں مشورہ دے، تو میں ان کی معلومات میں اضافہ کرنے کے لیے یہ بتاؤں گی کہ videos بھی موجود ہیں، record بھی موجود ہے اور آج کل social media کا زمانہ ہے۔ جب آپ لوگ لندن میں جا کر اس سزا یافتہ، مفرور کے پاس جا کر مشورہ کر کے آتے تھے تو وہ کیا تھا؟ آپ اپنے بارے میں بھی سوچا کریں اور میں اس ترمیم میں کوئی بات نہیں کروں گی کیونکہ اس ترمیم سے نہ عوام کو کوئی فائدہ ہے، ہمیں یہاں بھیجا گیا ہے کہ ہم عوام کی بات کریں، میں اپنے علاقے کی بات کروں گی جس علاقے سے۔۔

جناب چیئرمین: علاقے کی بات بعد میں کر لیں گے۔

سینیٹر فلک ناز: نہیں نہیں! یہ اس ترمیم کی کڑی ہے، دیکھیں میں اپنے علاقے کی بات اس لیے کروں گی کہ میں جس علاقے سے تعلق رکھتی ہوں چیئرمین صاحب آپ کو بھی اس علاقے سے خصوصی محبت ہے، آپ کی پارٹی کو بھی اس علاقے سے خصوصی محبت ہے، شہید بھٹو نے اس علاقے کے لیے بہت کام کیا ٹھیک ہے! میرے علاقے میں بجلی نہیں ہے، میرے علاقے میں internet نہیں ہے، میرے علاقے میں سڑک نہیں ہے، میرے علاقے کے hospital میں سہولت نہیں ہے، میرے علاقے میں کچھ بھی نہیں ہے۔ تو میں اس ترمیم پر کیا بات کروں؟ اگر یہ لوگ کوئی ایسی ترمیم لے آتے جس سے علاقے کے فائدے کی بات ہوتی، تو ہم سب سے پہلے ان کا ساتھ دیتے لیکن یہ لوگ ترمیم ایسے لا رہے ہیں کہ جس طرح ایک بچے کے diaper change ہوتے ہیں، ویسے ہی یہ ترامیم لے کر آ رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! ہمارا لیڈر عمران خان جو پچھلے دو سال سے ناحق جیل میں ہے۔ اُس کی غیر سیاسی wife کو بھی ناحق ان لوگوں نے جیل میں رکھا ہوا ہے۔ اُن کے cases تعطل کا شکار ہیں۔ ان کے cases سنے نہیں جا رہے ہیں۔ ہم ایک بڑی opposition

party ہیں۔ ہم سے یہ لوگ رائے نہیں لے رہے ہیں۔ آپس میں، آپ لوگوں کی پارٹی بھی اور یہ بھی، نورا کشتی کھیل رہے ہیں اور ان کو یہ بھی پتا نہیں ہے کہ اس مسودے میں کیا ہے۔ کل تک ان کو بھی پتہ نہیں تھا اور آج یہ لوگ مسودہ لائے ہیں۔ ہمیں بھی پتہ نہیں ہے کہ اس مسودے میں کیا ہے۔ یہ میری بہن مشال نے کہا کہ یہ جو کاغذ انہوں نے ہمیں تھمایا ہے تو میں، اپنی پارٹی کی طرف سے اور میں خود اس کو مسترد کرتی ہوں اور اس کے علاوہ میں اور کچھ بھی نہیں کہنا چاہوں گی۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ، .Thank you سینیٹر جان محمد صاحب آپ بات کریں گے؟ اچھا۔ کامل ولی آغا صاحب! آپ بات کریں گے؟ اچھا آپ کل بات کریں گے۔ بٹ صاحب آپ بولیں۔ (ن) لیگ کی نمائندگی آپ کریں گے۔

**Senator Nasir Mehmood**

سینیٹر ناصر محمود: بہت شکریہ۔ چیئرمین صاحب بڑی مہربانی۔

جناب چیئرمین: آپ اُن کو address نہیں کریں گے بلکہ مجھے address کریں گے۔

سینیٹر ناصر محمود: جی میں آپ کو address کر رہا ہوں۔ جو میں نے آج باتیں سنیں ہیں، انہوں نے ترمیم کے بارے میں تو بات نہیں کی بلکہ انہوں نے اپنی ہی باتیں شروع کر دیں کہ ہمارا لیڈر جیل میں ہے، ہمارے لیڈر کو باہر نکالو تو پھر ترمیم ہو گی۔ جب جنگ بھی ہو رہی تھی اور ہندوستان کو مار رہے تھے تو یہ کہتے تھے کہ کچھ نہیں کر سکتے جب تک عمران کو باہر نہیں لاؤ گے۔ وہ اندر ہی رہا اور ہم نے وہاں پھر ہندوستان والوں کو مارا بھی اور وہ پھر انہوں نے معافیاں بھی مانگیں۔

(مداخلت)

سینیٹر ناصر محمود: اور یہ بات ہے کہ یہ social media والے ہی ہے۔ اُن کے پاس وہی ہے، لگے رہیں گے کہ اُس کو باہر نکالو۔ آج میں اِن کو مشورہ دینا چاہتا ہوں کہ اگر یہ اُن کو باہر لانا چاہتے ہیں تو سیدھے عدالت جائیں۔ وہ 190 million pounds کی چوری میں بند ہے اور وہ سزا یافتہ ہے۔ اُسے 190 million pounds کی چوری میں عدالت نے سزا دی ہے، ہم نے نہیں دی۔ جائیں، عدالت میں جائیں۔ وہاں جا کر اپنی بے گناہی ثابت کریں۔ ہو سکتا ہے عدالت اُسے چھوڑ دے۔ نہ حکومت نے اُسے جیل بھیجا ہے، نہ حکومت اُس کو چھوڑ سکتی ہے۔ جو ستائیسویں ترمیم آئی ہے۔۔۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: دیکھیں، آپ نے جو بھی بات کی، اُسے سب نے خاموشی سے سنا۔ آپ بھی صبر کریں۔ آپ نئی ممبر بنی ہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر ناصر محمود: وہی تو ہے جس نے یہ تباہی کی ہے۔ وہ نہ 2018 میں آتا تو ہم بالکل ٹھیک تھے۔ آپ لوگوں نے اس ملک کی وہ حالت کر دی ہے کہ جس جگہ ہم کھڑے ہیں چیئرمین صاحب! ذمہ دار وہی ہے جو جیل میں ہے۔ تو اس لیے میں کہتا ہوں کہ وہ ذمہ دار ہے۔ اب ستائیسویں ترمیم آئی ہے تو اب یہ کہہ رہے ہیں اور ابھی انہوں نے بات کی کہ بشریٰ بی بی غیر سیاسی ہے۔ بشریٰ بی بی غیر سیاسی تھی؟ وہ بزدار کی پوری پنجاب حکومت چلا رہی تھیں۔ اتنا اتنا مال کھا کر وہ فرح گوگی چلی گئی اور وہ جیل میں کیوں ہے؟ دیکھیں وہ جیل میں اس لیے ہے کہ بزدار، بے چارا پیچھے بیٹھا تھا اور چلانے والی بشریٰ بی بی تھیں۔

جناب چیئرمین: یہ بات نہ کریں۔

سینیٹر ناصر محمود: انہوں نے بات کی کہ وہ غیر سیاسی ہیں تو میں بتانا چاہتا ہوں کہ وہ غیر سیاسی نہیں تھیں۔ ان کو پریشانی پتا ہے کیا ہے؟ ان کی زندگی کا صرف یہی مقصد ہے۔ ان کی یہ باتیں دیکھیں۔ Opposition ادھر نہیں ہے نا۔ ہم تو چاہتے ہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر ناصر محمود: دیکھیں، وہ سب بھاگ گئے ہیں اور یہ دو ladies پیچھے چھوڑ گئے ہیں۔ یہ میری بہنیں میں تو وہ کیا کہوں؟ یہ میری بہنیں دو ہیں، میں تو اُن کو اصل چہرہ دکھا رہا ہوں۔ دیکھیں، یہ رانا ثناء اللہ صاحب بیٹھے ہیں۔ آپ کے دور میں اُن کے اوپر پندرہ کلو ہیروئن ڈالی گئی۔ وہ ایک بندہ تھا اور وہ کہتا تھا کہ جان اللہ کو دینی ہے اور وقت کیا گزرا۔ ابھی ان کو یہ پریشانی یہ ہے کہ ہم سچی باتیں کر رہے ہیں جو ان کو اچھی نہیں لگتیں۔ وہ اب جیل میں کیوں ہے، آپ یہ بتائیں۔ وہ بزدار پچیس پچیس، پچاس پچاس لاکھ لے کر Commissioner change کرتے تھے، DSP change کرتے تھے اور یہ اِن کے لیے کافی ہے۔ اچھا، اب میں ستائیسویں ترمیم کے بارے میں

بات کر لوں، یہ میں نے ان کو dose دے دی ہے جو میں نے دینی تھی۔ اب بات یہ ہے کہ اس میں ہمارے۔۔۔

(مداخلت)

جناب چیئر مین: ایک منٹ۔ Let me speak. اب آپ چُپ کریں۔ میں بات کر رہا ہوں۔

(مداخلت)

سینیٹر ناصر محمود: دیکھیں، کتنے مزے کی بات آئی ہے؟ مجھے بتائیں۔ چیئر مین صاحب! مجھے ایک بات بتائیں۔

(مداخلت)

جناب چیئر مین: ایک منٹ۔ Please listen, when the Chairman is speaking then please keep quiet. جب آپ کو موقع ملے گا تو آپ جواب دے دیں گے۔ جب آپ بول رہے تھے تو وہ نہیں بولے۔ تو اس لیے یہ طریقہ نہیں ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئر مین: جی۔ آپ کو جب موقع ملے گا تو آپ جواب دے دیں اور آپ بھی respect سے بات کریں۔ چلیں بولیں۔

سینیٹر ناصر محمود: میں respect سے بات کرتا ہوں لیکن ادھر پوچھیں کہ عمران جیل میں کیوں ہے؟ اُس نے کیا کیا ہے؟ میں یہ کہہ رہا ہوں کہ ستائیسویں ترمیم آئی، ان لوگوں نے کہا کہ جی ستائیسویں ترمیم آ گئی ہے، ظلم ہو گیا ہے، پاکستان کی تباہی ہو گئی۔ اب ان سے پوچھیں کہ آپ مجھے بتائیں کہ ستائیسویں ترمیم پیش ہوئی اور۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر ناصر محمود: اب دیکھیں، میں ان کی بات کے دوران کبھی بھی نہیں بولا اور یہ continuously بولے جا رہی ہیں۔ میں ان کا کیا علاج کروں؟ یہ مجھے بتائیں نا۔ دیکھیں، آپ مجھے بتائیں۔ یہ میرے رانا ثناء اللہ صاحب مجھے حکم کر رہے ہیں کہ آپ بیٹھ جائیں۔ مجھے ایک بات بتا دیں کہ آپ لوگوں نے ان کے ساتھ کیا کیا؟ ان پر پندرہ کلو ہیروئن ڈالی۔ خدا آپ کو پوچھے۔ عمران

خان اور سزا پا رہا ہے۔ دیکھیں نا، یہ ظلم آپ نے کیا۔ میاں نواز شریف جیل میں ہے اور اُن کی بیٹی ملنے گئی تو آپ نے اُن کے سامنے arrest کر لیا۔ یہ وہ کام ہیں جو ان کے سامنے آ رہے ہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر ناصر محمود: ہاں تو عوام نے اُن کو ووٹ دیا ہے تو بنیں ہیں۔ بشریٰ بی بی کو بھی کہیں کہ وہ اگلی دفعہ election لڑ کر وہ بھی بن جائیں۔

(مداخلت)

سینیٹر ناصر محمود: تو کیا کروں، آپ نے مریم کا نام لیا ہے تو میں کس کا نام لوں؟ آپ نے کہا کہ وہ غیر سیاسی ہیں۔ مجھے بتائیں کہ جب چھبیس نومبر کو ادھر اسلام آباد میں چڑھائی ہوئی تو وہ کس نے کی؟ ایک وہ وزیر اعلیٰ گنڈا پور تھا اور دوسرا ساتھ کون تھا؟ وہ بشریٰ بی بی تھیں۔ جس نے Red Zone میں آ کر حملہ کرنے کی کوشش کی وہ بشریٰ بی بی تھیں، میں نہیں تھا۔ وہ غیر سیاسی ہیں؟ کم از کم بات تو ٹھیک کریں نا جی۔ آپ مت کہیں کہ وہ غیر سیاسی ہیں۔

جناب چیئرمین: آپ amendment پر بات کریں۔

سینیٹر ناصر محمود: میں صرف یہ کہہ رہا ہوں کہ جناب چیئرمین، جب انہوں نے بات کی تو میں نے کوئی بات نہیں کی۔ اب یہ سارے چلے گئے ہیں تو میں اب اِنہی کو جواب دے رہا ہوں۔

Mr. Chairman: Please, come to the agenda.

سینیٹر ناصر محمود: میں صرف چھوٹی سی بات کروں گا۔ ابھی جو ستائیسویں ترمیم آئی ہے تو یہ کہ رہے ہیں کہ کسی کو کچھ پتا نہیں ہے۔ اب جب سب کو copies ملی ہیں تو یہ سب بھاگ گئے ہیں۔ اب انہوں نے کرنا کچھ نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: رانا ثناء اللہ صاحب! آپ ان کو کہیں کہ agenda پر بات کریں۔

سینیٹر ناصر محمود: میں بیٹھ جاتا ہوں، میں اب عورتوں سے نہیں لڑ سکتا اس لیے میں بیٹھ جاتا ہوں۔

جناب چیئرمین: آپ بات کرنا چاہیں گے۔ آج opposition کا day ہے تو اِس لیے آپ اُن کو بولنے دیں۔ جی ذیشان خانزادہ صاحب۔

**Senator Zeeshan Khan Zada**

سینیٹر ذیشان خانزادہ: چیئرمین صاحب! آپ کا بہت شکریہ۔ میں بالکل بھی لمبی بات نہیں کروں گا اور تین چار minute ہی لوں گا۔ چیئرمین صاحب! آج Constitutional amendments کی بات ہو رہی ہے۔ میں جو amendments ہیں اور اُن کے اوپر جو Bill ہے تو اُس کے اوپر amendments تو ضرور آئیں گے لیکن میں چیئرمین صاحب آپ کے توسط سے پوچھنا چاہوں گا اس House کے اراکین سے اور جو ہماری عوام ہے، اُن کو یہ ضرور میں message دینا چاہوں گا کہ یہ ہمارا آئین selective کیوں ہوتا ہے؟ آج ہم یہ amendments تو لانا چاہیں گے اور ہم ترامیم سب کرنا چاہتے ہیں لیکن وہی کرنا چاہتے ہیں جس میں ذاتی مفادات ہوں۔ اگر آئین اور قانون کو صحیح طریقے سے اس ملک میں implement کیا جائے تو آج عمران خان کو جیل میں نہیں ہونا چاہیے۔ میں یہ نہیں کہتا، رانا صاحب بیٹھے ہیں کہ ہمارے time پر کوئی بہت perfect حکومت تھی۔ میں یہ نہیں کہتا کہ ہمارے time پر پاکستان میں آئین اور قانون میں کوئی کمی نہیں تھی۔ جنابِ چیئرمین! یہ آئین اور قانون اسی لیے ہوتا ہے تاکہ آپ ادھر debate کر سکیں اور اگر کوئی ماضی میں غلطیاں ہوئی ہوں تو اس کو ٹھیک کر سکیں۔ لیکن اگر ہم آج بات کرتے ہیں تو ہمیں کہا جاتا ہے کہ آپ کے time میں تو یہ ہوتا تھا۔ آپ نے خود بار بار حکومتوں میں آ کر وہی کام کر رہے ہیں، آپ اپنے آپ سے تو پوچھیں کہ آپ۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر ذیشان خانزادہ: دیکھیں میں تو کسی پر ذاتی تنقید نہیں کر رہا۔ میں ذاتی تنقید نہیں کر رہا۔ ناصر بٹ صاحب میں آپ کی بڑی عزت کرتا ہوں، اگر آپ نے میری تقریر کا کوئی جواب دینا ہو تو آپ ضرور دیں۔

جناب چیئرمین: آپ بات کر لیں۔

سینیٹر ذیشان خانزادہ: لیکن میں یہ آپ سے پوچھنا چاہوں گا کہ اگر آئین کو ہی ہم نے، اگر آئین کو بنا کے اور آئین کو ہم نے اپنے لیے، اپنے مفاد کے لیے implement کرنا ہو، تو جب 2023 میں عمران خان نے صوبائی اسمبلی سے استعفے دیے اور چاہا کہ election کرائیں تو

ninety days میں election ہو جانے چاہیے تھے۔ آئین کی کس شق میں یہ کہا جاتا ہے کہ election کو delay کیا جائے؟ یہ ہوتا ہے جنابِ چیئر مین! آئین کا کام جدھر آئین کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہماری عوام کو جب آئین کی ضرورت ہوتی ہے تو پھر آئین کو follow نہیں کیا جاتا۔ جب عمران خان کے اُوپر ناحق cases بنتے ہیں اور عدلیہ کے پاس ہم جاتے ہیں تو ان کو انصاف نہیں ملتا، عدلیہ کو متنازعہ بنایا گیا ہے۔ Amendments کے ذریعے جب 2024 کے election میں دھاندلی ہوئی Form 47 change کر دیے گئے اور سارے ثبوتوں کے ساتھ جب ہمارے candidates tribunal میں گئے ابھی تک ان کے cases کے اوپر کوئی فیصلہ نہیں ہوا تقریباً دو سال ہونے کو ہیں۔

جناب والا! کدھر گیا وہ آئین؟ آئین تو سامنے پڑا ہے لیکن کوئی فیصلہ نہیں ہے۔ ایک چھوٹی سی چیز عمران خان سے کسی کی ملاقات نہیں ہو رہی ہے۔ چلیں، مجھے تو چھوڑیں، کسی اور عام بندے کو چھوڑیں، وزیرِاعلیٰ خیبر پختونخوا کی ملاقات نہیں ہو رہی عمران خان سے۔ وہ بے چارہ کبھی National Assembly میں جا کر کہہ رہا ہے کہ جی، resolution پیش کی جائے۔ کدھر جائے ایسے ملک میں، جب ایک وزیرِاعلیٰ کو یہ نہیں پتا کہ میں اپنے حقوق کس سے مانگوں؟ عدالت میں جاتے ہیں تو عدالت حکم دیتی ہے کہ آپ جائیں، آپ ملاقات کریں، اس عدالت کے order کو implement نہیں کیا جاتا۔ یہ کون سا آئین ہے؟ جناب چیئر مین! میں پوچھنا چاہتا ہوں یہ کون سا آئین ایسی چیزوں کو روکتا ہے؟

جناب والا! بالکل، جس طرح کہا جا رہا ہے کہ آج Bill کو پیش کیا گیا ہے۔ اس کے اُوپر committee میں بات ہو گی۔ سارے amendments بھی کریں گے لیکن اس آئین میں جو چیزیں کسی کو پسند ہوتی ہیں، جن چیزوں میں کسی کو فائدہ ہوتا ہے حکومت کو یا ان کے supporters کو تو وہی چیزیں ہوں گی۔ لیکن انسانی حقوق جس کی آج کل پاکستان میں بہت سخت ضرورت ہے اس کے اُوپر آئین میں عمل نہیں کیا جائے گا۔

جناب والا! بس میں اپنی باتوں کو ادھر ہی ختم کرتا ہوں کیونکہ آپ کے سامنے دل کرتا ہے کہ ایسی بات کریں کیونکہ میں آپ کو ایک جمہوریت پسند آدمی سمجھتا ہوں۔ آپ نے صرف بولا ہی نہیں عمل بھی کیا ہے اس ایوان کے لیے اور خصوصی طور پر opposition کے لیے۔ میں ایک بار

پھر آپ کو داد دیتا ہوں اس بات کی اور آپ کے سامنے میں یہ دو تین گزارشات پیش کرنا چاہ رہا تھا۔
آپ کا بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر محمد ہمایوں مہمند صاحب۔

**Senator Mohammad Humayun Mohmand**

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ایاک نعبد وایاک نستعین۔ جناب چیئرمین! میں آپ کا بہت شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے time دیا۔ جناب والا! بات یہ ہے کہ جو آئین ہوتا ہے، ایک ہم قانون بناتے ہیں۔ ایک ہم آئین بناتے ہیں۔ آئین ایک ایسا document ہے جس کی basis پر سارے قوانین بنتے ہیں اور جس کی basis پر اس ملک کے لوگ اپنی زندگی گزارتے ہیں۔ یہ وہ چیز ہوتی ہے جس کے اوپر چاہے 1970s میں ہو چاہے آپ کے زمانے میں جو 18th Amendment تھی یا اس سے پہلے کی بات ہے اس میں ایک detailed discussions ہوتی ہیں جو مہینوں میں ہوتی ہیں، گھنٹوں میں نہیں ہوتی اور کہیں plus, minus کرکے آپ نے اس کو ایک متفقہ document بنانا ہوتا ہے۔ جب آپ اس کو متفقہ document نہیں بناتے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اب اس کے اوپر پوری قوم کو مطلب کہ ہم سارے representatives ہیں۔ لہٰذا وہ لوگ جو Pakistan Tehreek-e-Insaf کو جنہوں نے support کیا اور آپ کو پتا ہے کہ for the record کہ Pakistan Tehreek-e-Insaf کو almost 70% votes ملے ہیں۔

اگر ہم اس political party کو on-board نہیں کرتے ان سے پوچھ کر نہیں کرتے اور اس طریقے سے فیصلے ہوتے کہ وہاں سے مسودہ آیا یہاں سے چلا گیا، دو دنوں میں، دو گھنٹے، دو دو گھنٹے بات کریں ان میں سے کسی کی ہمت نہیں ہے کہ پانچ چھ گھنٹے بیٹھیں۔ دو تین گھنٹوں میں آؤ آؤ کرتے جاؤ، اس کے بعد ہم اس آئین کو بنا لیں گے۔ جب آئین کے اوپر اتفاق نہیں ہوگا تو یہ problem ہو جائے گی ہمیشہ کے لیے۔ یہ ہم ایسا کام کرنے جا رہے ہیں جو اس ملک کے لیے نقصان ہے۔ میں ایک مثال دے دیتا ہوں ایک بچہ ہے، آپ اس کی ولدیت کے اوپر question mark کر دیتے ہیں کیا آپ اس بچے کے ساتھ اچھا کام کر رہے ہیں یا غلط؟ ہم لوگ آج جو کر رہے ہیں، یہ آئین بنا کے ہم اس آئین کے ساتھ غلط کام کر رہے ہیں۔

اب میں ایک چھوٹی مثال دیتا ہوں، basically ہمارے Law Minister صاحب نے کہا کہ ہم لوگوں پر case load بہت زیادہ ہے۔ دیکھیں case load number of cases پر نہیں ہوتا۔ ابھی پچھلے دنوں جب آپ لوگوں نے تعداد ایک سال پہلے بڑھائی تھی، 26th ترامیم میں کہ نہیں جی، ہمیں بہت ضروری ہے ہمارا case load ہے، پچھلے ایک سال میں کیا ہوا ہے؟ آپ لوگوں نے صرف Supreme Court میں تقریباً دس لوگ بڑھا دیے تھے۔ باقی الٹا آپ کا case load بڑھ گیا ہے۔

جناب والا! اس کی وجہ یہ ہے کہ ہمارے Law Minister صاحب اور ان کی ٹیم unfortunately سمجھتی نہیں کہ case load بنایا کیسے جاتا ہے۔ Case load کا مطلب یہ ہے کہ دو cases ہیں دونوں criminal case میں، ایک میں جو convicted ہے یا جو آدمی accused ہے وہ accept کرتا ہے، دوسرا accept نہیں کرتا یہ دونوں کے دونوں criminal case ہیں دونوں کے اندر case load فرق ہو جائے گا case weightage فرق ہو جائے گی۔ دو civil cases ہیں ایک کے اندر آپ کو technical expertise چاہیے، ایک میں نہیں چاہیے۔ ایک کے case weightage بڑھ جائے گی، case load فرق ہو جائے گا تو اگر آپ اس کے اندر تھوڑا سا scientific evidence ڈال لیں تو پھر شاید آپ کو پتا چلے گا۔

نمبر دو ہم judges کو basically total متنازع بنا رہے ہیں۔ ہم ان کو ہر قسم کا basically یہ کر رہے ہیں کہ حکومت وقت چونکہ ان کے نمبر زیادہ ہیں۔ اپوزیشن اور judges ملا کے ان کے نمبر زیادہ ہیں۔ وہ آرام سے وہ کر لیں گے اپنا جو بھی آئین pass کرنا ہوگا یا جو بھی interpretation کرانے ہوتے ہیں۔ ابھی پچھلے ایک سال میں ایک case بھی ایسا نہیں ہوا جو constitutional court کے اندر حکومت کے خلاف ہوا۔ سارے کے سارے cases ان کے حق میں decide ہوئے۔ میں ایک چھوٹی سی بات کرتا ہوں یہ amendment تھی 243 میں۔ اب اس میں یہ مجھے نہیں پتا کہ یہ غلط لکھا گیا یا وہ ہے اس میں لکھا ہوا ہے کہ جو appointment of the Commander of National Strategic Command from the members of Pakistan Army باقیوں کے ساتھ

کیوں نہیں ہے؟ Armed Forces ہو تو بہتر ہوگا، متنازع نہیں ہوگا۔ ہم لوگوں کے لیے متنازع نہیں ہوگا۔ ہم جان بوجھ کر کیوں اپنی فوج کو متنازع بنا رہے ہیں؟ نہ بنائیں لیکن اصل چیز اس amendment کی، آپ سب لوگ ایک چیز دیکھ لیں کہ اس میں ایک Amendment of Article 248 ہے آپ کو پتا ہے جو Article-1 ہے اس کی خلاف ورزی ہے۔

آپ کیسے ایک President کو criminal اس سے بالکل protection دے سکتے ہیں؟ آپ کے اُوپر منسٹر صاحب مجھے کہہ رہے ہیں کہ تم جو مرضی crime کر لو، تمہارے اوپر کوئی criminal charges یا criminal case نہیں ہوگا۔ How can this be possible for life? How can this be possible کہ criminal case وہ کرے وہ قتل کرے، چوری کرے، ڈاکا ڈالے یا زنا کرے، آپ اس پر کوئی case نہیں کر سکتے ہیں۔ کیا ہم لوگ آج یہاں اس لیے بیٹھے ہوئے ہیں کہ ہم لوگوں کو کہہ دیں کہ تم جو مرضی crime کرو تمہارے اوپر Constitutionally آئین آپ کی غلط باتوں کو protect کر رہا ہے۔ ہم کہاں جا رہے ہیں، ہم کر کیا رہے ہیں۔ Why not کہ سارے مجرموں سے کہو کہ آپ کو آئین protect کرتا ہے، جاؤ جو چوری کرنی ہے کر لو۔ ہم لوگ بھی یہاں پر warlords کی طرح کر لیں کہ یہ warlord ہے، اس نے اپنے علاقے میں جو کرنا ہے وہ کر لے، وہ warlord اپنے علاقے میں جو کرتا ہے کر لے، ہم لوگوں کو criminal cases کے لیے آئینی protection دے رہے ہیں۔ Is this what we are all sitting here for? Apart from, forget about that آج اگر آپ کی جماعت کا صدر ہے تو کل کو میری جماعت کا ہو سکتا ہے، کوئی اور ہو سکتا ہے، یہ آئین تو ہر ایک کے لیے ہے۔ کیا ہم لوگ آئین میں یہ چیزیں ڈالیں گے۔

خدا کے لیے جناب چیئرمین! ہمیں سب کو بطور سیاسی جماعت یہ دیکھنا چاہیے کہ ہم کیا کر رہے ہیں، چلیں اگر کسی کے دباؤ میں کر رہے ہیں یا ہم اپنا مطلب نکالنے کے لیے کر رہے ہیں لیکن خدا کے لیے آئین کے ساتھ ایسا نہ کریں۔ یہ اس ملک کا main document ہے، manual ہے، اس ملک کا manual ہے، جسے ہم مقدس کہتے ہیں، آپ مقدس document کے اندر یہ

کر رہے ہیں، آپ اس میں جو غلطی کر سکتے ہیں کر لیں کیونکہ آپ کو for life protection ہے۔ .Thank you very much

جناب چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر پرویز رشید صاحب، آپ بات کرنا چاہیں گے؟

سینیٹر پرویز رشید: شکریہ جناب۔

جناب چیئرمین: نہیں کریں گے۔ سینیٹر ضمیر حسین گھمرو صاحب، آپ بات کرنا چاہیں گے؟ سینیٹر دوست علی جیسر صاحب، آپ بات کرنا چاہیں گے؟ مقصد یہ ہے کہ میں اس وقت offer کر رہا ہوں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: بٹ صاحب۔ ایک منٹ میں جواب دے دوں گا۔ بٹ صاحب۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: ایک منٹ میری بات سنیں۔ جو اپوزیشن ہے وہ ساری بولی ہے، بول چکی ہے، نہیں بھاگے نہیں ہیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: آپ یہ دیکھیں کہ آپ کے وزیر بیٹھے ہیں، باقی کدھر ہیں؟

(مداخلت)

جناب چیئرمین: چلیں، میں آپ کو بتاتا ہوں۔ I really thank all the Members جنہوں نے آج بات کی ہے اور ایسے ہی ہونا چاہیے۔ کل بھی موقع ملے گا اور پرسوں بھی ملے گا تو آپ نے اپنی جو بات کرنی ہے کر لیں، کمیٹی میں بھی لوگ چلے گئے ہیں، ادھر بھی اپنی رائے دے رہے ہیں تو یہ بھی اپوزیشن کی جو بات ہوتی ہے وہ advice ہوتی ہے۔ ان شاءاللہ we will follow your advice.

The proceedings of the House stands adjourned to meet again on Sunday, the 9th of November, 2025 at 03:00 p.m.

-------------------

*[The House was then adjourned to meet again on Sunday, the 9th of November, 2025 at 03:00 p.m.]*

-------------------